مرکزی جامعۃ المدینہ ① گجرات

(معلم کتاب)

استاد مولانا فیضان مدنی صاحب

Date: Day:

# نوٹس مختصر القدوری

## کتاب البیوع

معروضی

① بیع منعقد ہوتی ہے

ⓐ ایجاب ⓑ قبول ⓒ شرط ● a اور b دونوں

② بیع کا لغوی معنی بیان کریں

● خرید وفروخت ⓑ شریک کرنا ⓒ اجارہ کرنا ⓓ کوئی بھی نہیں

③ دونوں کی طرف سے رضا کے ساتھ مال کو مال سے بدلنا کہلاتا ہے

ⓐ شفعہ ⓑ وکالۃ ● بیع ⓓ اجارہ

④ بیع کے کتنے رکن ہیں

ⓐ ایک ● دو ⓒ تین ⓓ چار

⑤ وہ مال جو شرعاً بھی مال ہو اور عرفاً بھی مال ہو وہ کہلاتا ہے

ⓐ شفعہ ⓑ مال غیر متقوم ⓒ وکالۃ ● مال متقوم

⑥ عراقی ایک رطل کی کتنی قیمت ہے

ⓐ 442 ● 446 ⓒ 450 ⓓ 460

⑦ مختصر القدوری "اس کتاب کے مصنف کا کیا نام ہے

ⓐ حسن ● احمد ⓒ محمد ⓓ کوئی بھی نہیں

⑧ ابو امام احمد کی کنیت کیا ہے

ⓐ ⓑ ⓒ ⓓ

⑨ کتاب مختصر القدوری کے مصنف کس شہر میں پیدا ہوئے

● بغداد ⓑ کراچی ⓒ سندھ ⓓ مصر

2

Date:____________ Day:____________

کتاب مختصر القدوری کے مصنف کس ہجری کو پیدا ہوئے

● 326 Ⓑ 327 Ⓒ 328 Ⓓ 329

آپ کے والد کا نام کیا ہے

Ⓐ أحمد ● محمد Ⓒ حسن Ⓓ کوئی نہیں

Date:_______ Day:_______

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① بیع کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں؟

ج بیع کا لغوی معنی "خرید و فروخت" اور اصطلاحی معنی "دونوں کی طرف سے رضا کے ساتھ مال کو مال سے بدلنا" ہے

س ② بیع کی کتنی شرائط ہیں ان میں سے چند لکھیں؟

ج بیع کی بخاری شریعت میں آٹھ شرائط لکھی ہیں

① بائع و مشتری کا عاقل ہونا یعنی مجنون یا بالکل ناسمجھ بچے کی بیع صحیح نہیں

② ایجاب و قبول کا ایک مجلس میں ہونا

③ ہر ایک کا دوسرے کے کلام کو سننا

④ ایجاب و قبول میں موافقت ہونا یعنی جس چیز کا ایجاب ہے اسی کا قبول ہو

س ③ بیع کا حکم لکھیں؟

ج بیع کا حکم یہ ہے کہ مشتری مبیع کا مالک ہو جائے اور بائع ثمن کا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بائع پر واجب ہے کہ مبیع کو مشتری کے حوالے کر دے اور مشتری پر واجب ہے کہ بائع کو ثمن دے دے

س ④ بیع کے کتنے رکن ہیں؟

ج بیع کے دو رکن ہیں بیع یا تو قول کے ساتھ ہوگی یا فعل کے ساتھ ہوگی اگر قول کے ساتھ ہو تو پھر اس کے بھی آگے دو رکن ہیں ایجاب و قبول اور اگر فعل کے ساتھ ہو تو یا تو حرکت سے ہوگی یا اشارے سے ہوگی

س ⑤ مال متقوم اور مال غیر متقوم کس کو کہتے ہیں؟

ج مال متقوم وہ مال ہے جو شرعاً بھی مال ہو اور عرفاً بھی مال ہو اور مال غیر متقوم وہ مال ہے جو شرعاً تو مال نہ ہو مگر عرفاً مال ہو

Date: Day:

س (6) بیع کن چیزوں کے ساتھ منعقد ہوتی ہے؟

ج بیع ایجاب و قبول کے ساتھ منعقد ہوتی ہے جب یہ دونوں الفاظ ماضی کے ہوں۔

س (7) نقد رقم اور اُدھار رقم سے کیا بیع جائز ہے یا نہیں؟

ج نقد رقم سے بیع جائز ہے اور اُدھار بھی بیع جائز ہے مگر اُدھار اس وقت جائز ہے کہ جب یہ وقت معلوم ہو کہ میں آپ کو اس دن یا فلاں دن اُدھار دوں گا۔

س (8) "جس نے گندم کے ڈھیر کو بیچا ہر قفیز ایک درہم کے بدلے بیع جائز ہے" اس مسئلہ کے بارے میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا موقف بیان کریں؟

ج امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ جس نے گندم کے ڈھیر کو بیچا ہر قفیز ایک درہم کے بدلے تو اس میں بیع جائز ہے لیکن امام اعظم فرماتے ہیں کہ اس میں صرف ایک قفیز صحیح ہے باقی جائز نہیں ہیں مگر اگر اس نے قفیز بیان کر دیے تو پھر جائز ہے اور صاحبین فرماتے ہیں کہ دونوں وجہیں جائز ہیں یعنی ایک قفیز بھی جائز ہے اور ایک سے زیادہ بھی جائز ہیں۔

س (9) "اگر بائع نے مشتری کو زمین بیچی اور اس زمین میں کھیتی بھی لگی ہے تو وہ کھیتی بائع کی ہوگی یا مشتری کی ہوگی"؟

ج اگر بائع نے مشتری کو ایسی زمین بیچی جس میں فصل بھی لگی تھی تو وہ فصل بائع ہی کی رہے گی وہ مشتری کی نہیں ہوگی۔

س (10) اگر بائع نے گندم بیچی ہے تو اس گندم کو ماپنے والے کو اُجرت کون دے گا؟

ج اگر بائع نے گندم بیچی ہے تو اس گندم ماپنے والے کی اُجرت بائع پر ہوگی وہ ماپنے والے کی اُجرت مشتری کے اوپر نہیں ہوگی۔

(5)

Date:________ Day:________

س (11) اگر کسی نے گھر کو بیچا تو گھر کے تالے بھی بیع میں شامل ہیں یا نہیں ؟

ج اگر کسی نے گھر کو بیچا تو جو تالے اُتر سکتے ہیں وہ اس بیع میں شامل نہیں ہیں اور جو تالے دروازوں کے اندر فٹ ہوتے ہیں وہ اس بیع میں شامل ہیں۔

س (12) اگر کسی نے بیع میں ثمن کو مطلق رکھا تو اس بیع کا کیا حکم ہے ؟

ج اگر کسی نے بیع میں ثمن کو مطلق رکھا یعنی کسی کرنسی کو معین نہ کیا تو پھر وہ جب رقم دے گا تو وہ رقم دے گا جو اس شہر میں کرنسی زیادہ رائج ہے وہ رقم دے گا۔

س (13) اگر بائع نے پھل بیچا اس حال میں کہ پھل ابھی ظاہر نہیں ہوا تو بیع کا کیا حکم ہے اور اگر پھل ظاہر ہو جائے تو پھر بیع کا کیا حکم ہے ؟

ج اگر بائع نے پھل بیچے اس حال میں کہ پھل ابھی ظاہر نہیں ہوا تو بیع جائز نہیں ہوگی اگر اس پھل کا پھٹنا ظاہر ہو جائے تو بیع جائز ہے

س (14) "لَا یَجُوزُ اَنْ یَبِیعَ ثَمَرَۃً وَیَسْتَثْنِیَ مِنْهَا اَرْطَالًا مَعْلُومَۃً" اس عبارۃ پر اعراب بھی لگائیں اور اس عبارت میں جو مسئلہ بیان ہوا ہے اس کو وضاحت سے بیان کریں ؟

ج "لَا یَجُوزُ اَنْ یَبِیعَ ثَمَرَۃً وَیَسْتَثْنِیَ مِنْهَا اَرْطَالًا مَعْلُومَۃً"

بیع کرنا پھلوں میں ارطال معلومۃ کو استثناء کے ساتھ جائز نہیں یعنی بائع نے ایک درخت بیچا ہے اور بائع مشتری کو کہتا ہے کہ اس درخت پر سے کچھ تم اُتار لو اور کچھ میں اُتار لیتا ہوں تو اس پہ مجہول ہو گیا ہے کہ مشتری کتنے اتارے اور بائع کتنے اتارے یہ معلوم نہیں ہے اس وجہ سے اس طرح کا استثناء کرنا جائز نہیں ہے۔

Date:______ Day:______

# باب خیار الشرط

معروضی

① خیار الشرط کا کیا کیا حکم ہے؟

ⓐ ناجائز ⓑ حرام ● جائز ⓓ باطل

② خیار شرط کی کتنی مدت ہے

● تین دن ⓑ پانچ دن ⓒ سات دن ⓓ نو دن

③ اگر وہ شخص جس کو اختیار ہے اگر وہ مر گیا تو خیار شرط کا کیا حکم ہے

ⓐ جائز ● باطل ⓒ حرام ⓓ فرض

④ مجلس عقد میں بائع اور مشتری یا دونوں یہ شرط لگائیں کہ مجھے تین دن کا اختیار دیا جائے اسے ______ کہتے ہیں

ⓐ خیار رؤیت ⓑ خیار عیب ● خیار شرط ⓓ کوئی بھی نہیں

⑤ خیار کے لغوی معنی کیا ہیں

ⓐ ناکامی ⓑ خرید و فروخت ⓒ شریک ہونا ● پسندیدگی

---

مختصر سوالات کے جوابات حل کریں گے؟

① خیار شرط کن کن کے لیے ہے اور اس کا حکم کیا ہے؟

ج: خیار شرط بیع میں بائع اور مشتری دونوں کے لیے جائز ہے اور حکم تین دن ہیں

② خیار شرط کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں؟

ج: خیار شرط کا لغوی معنی "پسندیدگی" اصطلاحی معنی مجلس عقد میں بائع اور مشتری یا دونوں یہ شرط لگائیں کہ مجھے تین دن کا اختیار دیا جائے اسے "خیار شرط" کہتے ہیں

③ خیار شرط کی مدۃ بیان کریں

ج: خیار شرط کی مدۃ تین دن ہے

④ "خیار شرط کی مدۃ تین دن ہے" اس مسئلے کے بارے میں ائمہ کا اختلاف

Date:____ Day:____

لکھیں۔

ج: امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ خیار شرط تین دن سے زیادہ جائز نہیں ہے اور صاحبین فرماتے ہیں جب مدت معلوم ہو کہ جتنے دن کا اختیار دیا جائے تو اس وقت تین دن سے زیادہ کا اختیار بھی جائز ہے

س ⑤ جب اختیار لینے والا مر گیا تو خیار کا کیا حکم ہے اور وہ خیار اس کے ورثاء کی طرف لوٹے گا یا نہیں؟

ج: جب اختیار لینے والا مر گیا تو پھر خیار باطل ہو جائے گا اور وہ خیار اس کے ورثاء کی طرف منتقل نہیں ہوگا

س ⑥ "اگر کسی نے غلام کو بیچا اس شرط پر کہ یہ کاتب ہے" تو اگر غلام اس کے برخلاف نکل آئے تو پھر بیع کا کیا حکم ہے؟

ج: جب بائع نے غلام کو بیچا اس شرط پر کہ یہ غلام کاتب اور روٹیاں لگانے والا ہے تو اب جب مشتری نے اس غلام کو خریدا تو وہ غلام نہ کاتب تھا اور نہ روٹیاں لگاتا تھا تو اب مشتری کو اختیار ہے کہ اگر چاہے تو تمام ثمن کے ساتھ غلام کو خرید لے اور اگر چاہے تو اس غلام کو خریدنا ترک کر دے۔

س ⑦ اگر مشتری نے خیار کے طور پر کسی سے کوئی چیز لی اور وہ مشتری کے ہاتھ میں ہلاک ہوگئی تو پھر اس کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر مشتری نے خیار کے طور پر کسی سے کوئی چیز لی اور پھر وہ چیز مشتری کے ہاتھ میں ہلاک ہوگئی تو پھر وہ مشتری اس چیز کی قیمت کے ساتھ ضامن ہوگا

س ⑧ بائع کے خیار میں کیا وہ چیز نکل جائے گی یا نہیں؟

ج: بائع کے خیار میں مبیع بائع کی ملکیت سے نہیں نکلے گی بلکہ بائع کی ملکیت میں مبیع رہے گی۔

Date:________ Day:________

س (۹) جب مشتری کا خیار ہو تو اس وقت مبیع بائع کی ملکیت سے نکلے گی یا نہیں نکلے گی؟

ج مشتری کے خیار شرط میں مبیع بائع کی ملکیت سے نکل جائے گی تو اب نکل تو گئی مگر یہاں اختلاف ہے امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں وہ چیز جو بائع کی ملکیت سے نکل گئی ہے مشتری اس چیز کا مالک نہیں ہو گا صاحبین فرماتے ہیں مشتری اس مبیع کا مالک ہو جائے گا۔

س (۱۰) اگر بائع نے مشتری کی غیر موجودگی میں بیع کی تو اس بیع کا کیا حکم ہے اور اس بیع کو توڑنے کا کیا حکم ہے کہ دونوں کی موجودگی میں فاسد ہو گی یا اگر دونوں نہ بھی موجود ہوں پھر بھی فاسد ہو جائے گی؟

ج اگر بائع نے مشتری کی غیر موجودگی میں بیع کی تو یہ بیع درست ہو گی لیکن اب اگر بائع نے بیع کو توڑنا ہو یا مشتری نے بیع کو توڑنا ہو اب بیع کو توڑنے کے لیے ان دونوں کا ہونا ضروری ہے اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی موجود نہ ہو تو بیع فاسد ہی نہیں ہو گی۔

س (۱۱) اگر مشتری کے پاس مبیع آئی اور اس میں عیب نا ختم ہونے والا پیدا ہو گیا" تو اب اس بیع کا کیا حکم ہے۔

ج اگر مشتری کے پاس مبیع آئی اور اس میں عیب نا ختم ہونے والا پیدا ہو گیا اور یہ عیب اس وقت پیدا ہوا جب چیز مشتری کے پاس آئی پھر جس کے لیے بھی اختیار شرط ہو گا وہ اگر چاہے تو بیع کو فسخ کر دے اور اگر چاہے تو اس بیع کو جائز قرار دے

Date:________ Day:________

# باب خیار الرؤیۃ

معروضی

(1) کسی چیز کو بغیر دیکھے خرید لینا ____ کہلاتا ہے

(a) خیار شرط (b) خیار رؤیۃ (c) خیار عیب (d) بیع فاسد

(2) جس شخص نے کسی چیز کو بغیر دیکھے خریدا ہو تو کیا اس کی بیع جائز ہے؟

ج: جس شخص نے کسی چیز کو بغیر دیکھے خریدا تو اس کی بیع جائز ہے

(3) "خیار رؤیۃ" کی تعریف کریں؟

ج: کسی چیز کو دیکھے بغیر خرید لے تو اس وقت دیکھنے کے بعد چاہے تو خرید لے اور چاہے تو نہ خریدے ایسے اختیار کو "خیار رؤیۃ" کہتے ہیں۔

(4) بیچنے والے نے اس چیز کو نہ دیکھا ہو تو بیچنے والے کے لیے اختیار ہے یا نہیں؟

ج: اگر بیچنے والے نے اس چیز کو نہ دیکھا ہو تو بیچنے والے کے لیے اختیار نہیں ہے۔

(5) کیا اندھے کا خرید و فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج: اندھے کا بیچنا اور خریدنا جائز ہے

(6) جس شخص نے غیر کی چیز کو بغیر اجازت کے بیچ دیا تو اس بیع کا کیا حکم ہے؟

ج: جس شخص نے غیر کی چیز کو اس سے اجازت لیے بغیر بیچ دیا تو اب جس شخص کی وہ چیز اس کے لیے اختیار ہے اگر چاہے تو اس بیع کو جائز قرار دے اور اگر چاہے تو اس کو رد کر دے۔

(7) زمین میں اندھے کا اختیار کب باطل ہوگا؟

ج: زمین میں اندھے شخص کے لیے اختیار ہوتا ہے لیکن اگر اس زمین کے اوصاف بیان کر دیے جائیں تو اس صورت میں اندھے کا اختیار باطل ہو جائے گا

Date:________ Day:________

س ⑧ کن کن صورتوں میں اندھے کے لیے اختیار ساقط ہوجاتا ہے؟

ج اگر اندھے شخص نے اس چیز کو سونگھ لیا یا چکھ لیا یا اس چیز کو چھوا اور اس کو معلوم ہوگیا کہ یہ چیز کس نوعیت کی ہے تو ان سب صورتوں میں اندھے شخص کا اختیار باطل ہوجائے گا۔

س ⑨ جس کے لیے خیار رؤیۃ ہے اگر وہ مرگیا تو پھر بیع کا کیا حکم ہے؟

ج جس شخص کے لیے خیار رؤیۃ ہے اگر وہ مرگیا تو اس کا خیار باطل ہو جائے گا۔

## باب خیار العیب

مختصر سوالات کے جوابات تحریر فرمائیں

① خیار عیب کی تعریف لکھیں؟ مثال بھی بیان کریں۔

ج ہر وہ چیز جو تاجروں کی نظر میں ثمن کی کمی کو ثابت کرے اسے "خیار عیب" کہتے ہیں مثلاً غلام کا بھاگنا اور غلام کا بستر پر پیشاب کر جانا اور غلام کا چوری کرنا یہ سب چھوٹی عمر میں عیب ہیں

② لونڈی میں کن چیزوں کو عیب شمار کیا جاتا ہے؟

ج اگر لونڈی کے منہ سے بدبو آئے یا بغل سے بدبو آئے تو یہ چیزیں لونڈی میں عیب ہیں

③ کیا لونڈی میں جو چیزیں عیب شمار کی جاتی ہیں کیا وہ غلام میں بھی عیب شمار کی جاتی ہیں

ج منہ سے بدبو آنا یا بغل سے بدبو آنا یہ چیزیں لونڈی میں عیب ہے غلام میں یہ چیز عیب نہیں لیکن اگر غلام کے منہ سے بیماری کی وجہ سے بدبو آرہی ہو تو اس وقت غلام کے منہ کی بدبو عیب شمار کی جائے گی۔

CamScanner

Date: Day:

س (4) اگر مشتری نے غلام کو قتل کر دیا تھا یا اس نے غلہ خرید رکھا تھا اور اس میں سے کچھ کھا لیا پھر کھانے کے بعد اسے پتا چلا کہ اس غلے میں عیب ہے" تو اس مسئلہ میں اختلاف بیان کریں کہ وہ غلے کے عیب کے ساتھ بائع کی طرف رجوع کرے گا یا نہیں کریں گے؟

ج اگر غلام کو مشتری نے قتل کر دیا تھا یا اس نے غلہ خرید رکھا تھا اور اس میں سے کچھ کھا لیا تھا پھر کھانے کے بعد اسے پتا چلا کہ اس غلے میں عیب ہے تو امام اعظم کے نزدیک اب مشتری بائع کی طرف رجوع نہیں کرے گا کیونکہ اب اس نے کھا لیا ہے اور صاحبین فرماتے ہیں کہ مشتری اس غلے کے عیب کے نقصان کے ساتھ اس بائع کی طرف جائے گا یعنی اس عیب کے بدلے اس بائع سے کچھ ثمن لے گا

س (5) کیا وصف کے مقابلے میں ثمن کم ہوتا ہے؟

ج وصف کے مقابلے میں ثمن کم یا زیادہ نہیں ہوتے۔

س (6) "اگر مشتری نے کوئی کپڑا خریدا اور اس کاٹ بھی لیا اور سلائی بھی کرا لیا تو اب اس کپڑے میں عیب نکل آیا" تو اس بیع کا کیا حکم ہے؟

ج اگر مشتری نے بائع سے کوئی کپڑا خریدا پھر اس کو کاٹا اور سلائی کر لیا یا تو پھر اس کو پتا چلا کہ ان کپڑوں میں عیب ہے تو اب مشتری اس عیب کی کمی کے ساتھ بائع کی طرف رجوع کرے گا لیکن اب بائع کیلئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ مشتری سے کپڑے واپس لے لے

س (7) غلام کی چھوٹی عمر سے کیا مراد ہے؟

ج چھوٹی عمر کا غلام اس سے مراد پانچ سال کی عمر کا غلام مراد ہے اسے چھوٹی عمر والا غلام کہا جاتا ہے۔

CS CamScanner

Date: Day:

# باب البیع الفاسد

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں

س ① "باطل بیع" کس کو کہتے ہیں؟

ج وہ بیع جو ذات کے اعتبار سے اور نہ وصف کے اعتبار سے درست ہوا سے "بیع باطل" کہتے ہیں

س ② "بیع فاسد" کس کو کہتے ہیں؟

ج وہ بیع جو ذات کے اعتبار سے درست ہو اور وصف کے اعتبار سے درست نہ ہو اسے "بیع فاسد" کہتے ہیں

س ③ "باب البیع الفاسد" اس باب کا نام البیع الفاسد کیوں رکھا ہے البیع الباطل کیوں نہیں رکھا؟

ج باب کا نام "البیع الفاسد" رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ بیع فاسد کا کثیر الوقوع ہونے کی وجہ سے اس باب کا نام "البیع الفاسد" رکھا گیا ہے

س ④ شراب کی بیع اور خنزیر کی بیع بیع باطل ہے اور بیع فاسد ہے اور کس وجہ سے ہے وضاحت کریں؟

ج شراب کی بیع اور خنزیر کی بیع "بیع فاسد" ہے کیوں یہ دونوں دین محمدیہ میں مال کی حیثیت نہیں رکھتے ہیں اور دین عیسویہ اور دین موسیہ میں مال کی حیثیت رکھتے ہیں اس وجہ سے ان کی بیع "بیع فاسد" ہے

س ⑤ مردار کی بیع اور خون کی بیع کیا بیع فاسد ہے یا بیع باطل ہے اور اس کی وضاحت فرمادیں؟

ج مردار کی بیع اور خون کی بیع بیع باطل ہے اس وجہ سے کہ یہ دونوں دین محمدیہ میں مال کی حیثیت نہیں رکھتے ہیں اور دین عیسویہ اور دین موسیہ میں بھی مال کی حیثیت نہیں رکھتے اس وجہ سے یہ بیع "بیع باطل" ہے

CS CamScanner

Date: Day:

س (6) مکاتب غلام کون سا غلام کہلاتا ہے؟

ج وہ غلام جس کو آقا نے کہا ہو کہ تم اتنی کمائی کرکے لاؤ تو تم کو آزاد کر دوں گا اس غلام کو "مکاتب غلام" کہتے ہیں

س (7) مدبر غلام کس کو کہتے ہیں؟

ج وہ غلام جس کو آقا نے کہا ہو کہ تم میرے مرنے کے بعد آزاد ہو ایسے غلام "مدبر غلام" کہتے ہیں۔

س (8) اُم ولد کسے کہتے ہیں؟

ج وہ لونڈی جس سے آقا نے وطی کی ہو اور اس سے اولاد ہو اور آقا نے کہا میرے مرنے کے بعد تم آزاد ہو اسے "اُم ولد" کہتے ہیں

س (9) جس چیز کی تنہا بیع جائز نہیں کیا اس کی استثناء بیع جائز ہے؟

ج جس چیز کی تنہا بیع جائز نہیں ایسی چیز کی استثناء بیع بھی جائز نہیں ہے

س (10) "نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن النجش" اس عبارت میں النجش سے کیا مراد ہے؟

ج النجش:- بائع اور مشتری کا بیع کرنے کے دوران تیسرے مداخلت بغیر ارادے کے جا کر قیمت بڑھانا اسے "النجش" کہتے ہیں

س (11) "تلقی جلب" سے کیا مراد ہے

ج تلقی جلب:- ایک شہر میں قحط پڑ گیا شہر والے لوگ باہر جا کر چیزیں خرید کر شہر میں آ کر مہنگی بیچیں اسے "تلقی جلب" کہتے ہیں

س (12) رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کن چیزوں سے منع فرمایا ہے؟

ج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے النجش سے منع فرمایا اور اسی طرح اپنے بھائی کے دام پر دام سے منع کیا اور تلقی جلب سے منع کیا شہری کا دیہاتی سے بیع کرنے سے بھی منع کیا ہے۔ جمعہ کی اذان کے وقت بیع کرنے سے منع کیا

Date:________ Day:________

س (13) اُم ولد کی بیع مدبر کی بیع اور مکاتب کی بیع کا کیا حکم ہے؟

ج اُم ولد کی بیع مدبر کی بیع اور مکاتب کی بیع فاسد ہے اور یہاں فاسد باطل کے معنی میں ہے۔

س (14) جب حد ملکیت میں نہ ہو تو اس وقت بیع کا کیا حکم ہے؟

ج جب مبیع ملکیت میں نہ ہو تو پھر بیع فاسد ہے

س (15) مچھلی کو قید کرنے سے پہلے مچھلی کی پانی میں بیع جائز ہے؟

ج مچھلی کو قید کرنے سے پہلے مچھلی کی پانی میں بیع جائز نہیں ہے

س (16) کیا ہوا میں اُڑنے والے پرندے کی بیع جائز ہے؟

ج ہوا میں اُڑنے والے پرندے کی بیع جائز نہیں ہے

س (17) کیا پیٹ میں حمل کی بیع جائز ہے؟

ج پیٹ میں حمل کی بیع جائز نہیں ہے

س (18) کیا حمل کے حمل کی بیع جائز ہے؟

ج حمل کے حمل کی بیع جائز نہیں ہے

س (19) کیا تھنوں میں دودھ کی بیع جائز ہے؟

س تھنوں میں دودھ کی بیع جائز نہیں ہے

س (20) کیا مزابنۃ کی بیع جائز ہے اور مزابنۃ کی وضاحت کر دیں؟

ج مزابنۃ کی بیع جائز نہیں ہے مزابنۃ :- درخت پر لگے پھل کی یا کھجور کی انداز ے کے ساتھ بیع کرنا "مزابنۃ" کہلاتا ہے۔

س (21) جس نے لونڈی کو یا جانور کو بیچا مگر ان کے حمل کو نہ بیچا تو ایسی بیع کا کیا حکم ہے؟

ج جس نے لونڈی کو یا جانور کو بیچا مگر ان کے حمل کو نہ بیچا تو ایسی بیع بیع فاسد ہے

س (22) کیا بکری کے اُون کی بیع جائز ہے؟

ج بکری کے اُون کی بیع جائز نہیں ہے

Date:______ Day:______

س (23) جو شخص دو نابالغ بچوں کا مالک ہو اور ان دونوں بچوں کے درمیان رشتہ بھی ہو تو کیا وہ شخص ان دونوں بچوں کے درمیان فرق کر سکتا ہے؟

ج جو شخص دو نابالغ بچوں کا مالک ہو اور ان دونوں بچوں کے درمیان رشتہ بھی ہو تو ان دونوں کے درمیان فرق کرنا جائز نہیں ہے۔

س (24) اگر دونوں بچے بالغ ہوں اور ان کے درمیان رشتہ بھی ہو تو ان کے درمیان فرق کر سکتے ہیں؟

ج اگر دونوں بچے بالغ ہوں اور ان کے درمیان رشتہ بھی ہو تو ان کے درمیان فرق کرنے میں کوئی حرج نہیں

س (25) اگر ایک بالغ ہو اور ایک نابالغ ہو تو ان دونوں کے درمیان رشتہ ہو تو کیا ان دونوں کے درمیان فرق کر سکتے ہیں؟

ج اگر ایک بالغ ہو اور ایک نابالغ ہو اور ان دونوں کے درمیان رشتہ بھی ہو تو پھر ان دونوں کے درمیان فرق کرنا مکروہ ہے

س (26) اگر کسی شخص نے ذبح شدہ بکری اور مردار کو اکٹھا کیا اور کہا ان دونوں کو میں نے بیچنا ہے تو ان دونوں میں بیع باطل ہے لیکن صاحبین کا اس مسئلہ کے بارے میں موقف کیا ہے اس کو بیان کریں

ج صاحبین فرماتے ہیں جو چیز صحیح ہے اس کی بیع بھی درست ہے اور جو مردار ہو یا آزاد مرد ہو ان کی بیع جائز نہیں ہے لہذا ذبح شدہ بکری میں بیع درست ہے مردار میں بیع درست نہیں ہے۔

س (27) کیا پتھر کو پھینکنے کی بیع جائز ہے؟

ج پتھر کو پھینکنے کی بیع ناجائز ہے

س (28) کیا دو کپڑوں میں سے ایک کپڑے کو معین کیے بغیر بیع جائز ہے؟

ج دو کپڑوں میں سے ایک کپڑے کو معین کیے بغیر بیع جائز نہیں ہے

س (29) کیا کپڑے کو چھونے کے ساتھ بیع جائز ہے؟

ج کپڑے کو چھونے کے ساتھ بیع جائز نہیں ہے

CamScanner

Date: Day:

## باب الاقالۃ

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① اقالۃ کسے کہتے ہیں؟

ج دو شخصوں کے مابین جو عقد ہوا اور اس کو اٹھا دینے کو "اقالۃ" کہتے ہیں

س ② کیا بیع میں اقالۃ جائز ہے؟

ج بیع میں بائع اور مشتری دونوں کے لیے اقالہ جائز ہے۔

س ③ اقالۃ کی کوئی ایک مثال لکھیں؟

ج مثال کے طور پر اگر مشتری نے ۱۰ درھم میں بائع سے بکری خریدی ہے تو اب اگر مشتری بائع کو کہتا ہے کہ تم ۱۰ درھم مجھے دے دو اور بکری واپس لے لو اس کو "اقالۃ" کہتے ہیں

س ④ امام ابو حنیفہ بیع اقالۃ کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

ج امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ ان دونوں یعنی وہ بائع اور مشتری جنہوں نے اقالہ کیا ان دونوں کے علاوہ شخص کے حق میں بیع جدید جائز ہے۔

س ⑤ اگر بعض مبیع ہلاک ہوگئی تو کیا اس مبیع میں اقالۃ جائز ہے؟

ج اگر بعض مبیع ہلاک ہوگئی تو اب جتنی مبیع باقی ہے اس مبیع میں اقالۃ جائز ہے

س ⑥ اگر کسی نے اقالۃ میں ثمن اوّل سے زیادہ یا کم کی شرط لگائی تو اس میں یہ شرط لگانا جائز ہے یا نہ جائز ہے

ج اگر کسی نے اقالۃ میں ثمن اوّل سے زیادہ یا کم کی شرط لگائی تو اس میں یہ کم یا زیادہ کی شرط لگانا باطل ہے یعنی اگر بائع ثمن اوّل میں زیادہ کی شرط لگائے یا کم کی شرط لگائے یا مشتری نے کم کی یا زیادہ کی شرط لگائی تو ان کی یہ شرط باطل ہے

Date:______ Day:______

# باب المرابحة والتولية

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① مرابحة کسے کہتے ہیں؟

ج جس چیز کا (بائع) مالک ہو اس چیز کو ثمن اول اور عقد اول کے ساتھ نفع کی زیادتی کے ساتھ منتقل کرنا "مرابحة" کہلاتا ہے

س ② تولیة کسے کہتے ہیں؟

ج جس چیز کا (بائع) مالک ہوں اس کو ثمن اول اور عقد اول کے ساتھ نفع کی زیادتی کے بغیر منتقل کرنا "تولیة" کہلاتا ہے۔

س ③ مرابحة اور تولیة کس چیز کے ساتھ صحیح ہے؟

ج مثلی چیزوں کے ساتھ مرابحة اور تولیة صحیح ہے۔

س ④ کن لوگوں کی اجرت اصل مال میں شامل ہے؟

ج جو بیع ہے اس میں دھوبی کی اجرت، کپڑہ رنگنے والے کی اجرت، نقش و نگار بنانے والے کی اجرت اور غلہ کو اٹھانے والے کی اجرت اصلی مال میں شامل ہے

س ⑤ بائع نے جتنے کی چیز لی تھی اس سے زیادہ مانگی اور مشتری کو بھی معلوم ہو کہ اس نے رقم زیادہ مانگی ہے تو اب اس مسئلہ کے بارے میں امام صاحب کے نزدیک کیا حکم ہے؟

ج اگر بائع نے جتنے کی چیز تھی اس سے زیادہ رقم مانگی اور مشتری کو معلوم ہو گیا ہے کہ اتنے کی چیز ہے لیکن اس نے ثمن زیادہ مانگے ہیں تو امام صاحب کے نزدیک وہ مشتری اگر چاہے تو تمام ثمن کے ساتھ اس چیز کو خرید لے اور اگر چاہے تو رد کر دے

س ⑥ "اگر تولیة میں خیانت یعنی اس نے زیادتی کی" اس مسئلہ کے بارے میں امام ابو یوسف اور امام محمد کا کیا موقف ہے؟

ج اگر تولیة میں خیانت یعنی بائع نے زیادتی کی ہو تو امام ابو یوسف فرماتے ہیں

کہ مرابحہ ہو یا تولیہ دونوں صورتوں میں اتنی مقدار ثمن کم کیا جائے گا جتنا اس نے بڑھایا تھا اور امام محمد فرماتے ہیں کہ دونوں صورتوں میں مشتری کو اختیار دیا جائے گا کمی نہیں کی جائے گی۔

س ⑦ اگر مشتری نے زمین کو خریدا لیکن اس کو نہ دیکھا مشتری کا زمین پر قبضہ کیے بغیر آگے بیچنا جائز ہے یا جائز نہیں ہے "اس مسئلے کے بارے میں ائمہ اکرام کا مؤقف بیان کریں؟

ج اگر مشتری نے زمین کو خریدا لیکن اس کو نہ دیکھا تو مشتری کا زمین پر قبضہ کیے بغیر زمین کو آگے بیچنا جائز ہے یہ مؤقف شیخین کا ہے اور امام محمد فرماتے ہیں کہ بغیر قبضہ کے زمین کی آگے بیع کرنا جائز نہیں ہے۔

س ⑧ مشتری نے ایسی چیز کو خریدا جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو سکتی ہے کیا ایسی چیز پر قبضہ کیے بغیر آگے بیچ سکتے ہیں یا نہیں؟

ج ایسی چیزیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو سکتی ہیں لیکن ان چیزوں پر قبضہ کیے بغیر ان کو آگے بیچنا جائز نہیں ہے

س ⑨ اگر بائع نے مبیع کو مشتری کے حوالے کر دیا اور مشتری سے خود ثمن نہ لیے بلکہ ان کو کسی دوسرے شخص کی طرف منتقل کر دیا تو کیا ایسا کرنا جائز ہے

ج جی ہاں جائز ہے اگر کوئی چیز بیچ کر اس کے پیسے خود نہیں لیتے بلکہ اس مشتری کے ذریعے کسی دوسرے کی طرف منتقل کر دے تو ایسا کرنا جائز ہے

س ⑩ اگر بائع نے مشتری کو کہا کہ میں جو آپ کو مبیع دوں گا اس کے ساتھ میں آپ کو تحفہ میں کوئی چیز زائد دوں گا اور مشتری نے بھی کہا کہ میں آپ کو جو ثمن دوں گا میں اس ثمن سے تحفہ کے طور پر زائد دوں گا تو کیا یہ دونوں شرطیں لگانا صحیح ہے۔

Date:________ Day:________

ج جی ہاں جب دونوں شرطیں لگانا صحیح ہے اگر مشتری یہ شرط لگا دے کہ میں ثمن کے ساتھ کوئی چیز تحفے کے طور پر بھی دوں گا یہ شرط لگانا صحیح ہے اور اگر بائع شرط لگائے کہ میں مبیع کے ساتھ کوئی چیز تحفتاً دوں گا تو اس کے لیے یہ شرط لگانا صحیح ہے

باب الربا

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① ربا کا لغوی معنی لکھیں؟

ج ربا کا لغوی معنی "زیادتی کرنا" ہے

س ② ربا کا اصطلاحی معنی بیان کریں؟

ج ربا کا اصطلاحی معنی وہ زیادتی جو مال میں بغیر عوض کے ہو اور بائع اور مشتری نے اس زیادتی کو شرط بھی رکھا ہے

س ③ کن چیزوں میں زیادتی حرام ہے؟

ج ایسی دو چیزیں جو جنس میں ایک جیسی ہو اور قدر میں بھی ایک جیسی ہوں تو ان میں زیادتی کرنا حرام ہے اور یہ سود کہلاتا ہے

س ④ اگر ایک طرف چاندی ہے اور دوسری طرف بھی چاندی ہو اور دونوں کا وزن بھی برابر ہو تو اب ان کی بیع کا کیا حکم ہے؟

ج اگر ایک طرف چاندی ہے اور دوسری طرف بھی چاندی ہو اور دونوں کا وزن بھی برابر ہو تو ان اس چاندی میں بیع جائز ہے لیکن اگر اس چاندی میں زیادتی کی تو پھر بیع جائز نہیں ہے

س (5) جن چیزوں میں یہ دو وصف (ایک جیسا ہونا، مکیلی یا موزونی ہونا) نہ پائے جائے تو کیا ان کی بیع جائز ہے

ج جس چیز میں دونوں وصف نہ پائے جائے تو ان میں زیادتی بھی جائز ہے اور کمی بھی جائز ہے اور ادھار بھی جائز ہے

س (6) جس چیز میں دونوں وصف پائے جائیں تو کیا اس میں ادھار جائز ہے

ج جس چیز میں دونوں وصف پائے جائیں تو ان میں زیادتی بھی حرام ہے اور ادھار بھی حرام ہے۔

س (7) اگر کسی چیز میں ایک وصف پایا جائے اور ایک نہ پایا جائے تو اس وقت بیع کا کیا حکم ہے

ج جس چیز میں ایک وصف پایا جائے اور ایک نہ پایا جائے اس چیز میں زیادتی جائز ہے لیکن ادھار پھر بھی جائز نہیں ہے۔

س (8) ہر وہ چیز جس میں زیادتی کے حرام ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مکیلی ہونے پر نص فرمائی تو کیا وہ مکیلی ہی رہے گی یا موزونی ہو جائے گی؟

ج ہر وہ چیز جس میں زیادتی کے حرام ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مکیلی ہونے پر نص فرمائی تو وہ ہمیشہ مکیلی ہی رہے گی اگرچہ لوگوں نے ڈھیل کو ترک کر دیا

س (8) جن چیزوں پر رسول اللہ نے نص نہیں فرمائی تو ان چیزوں کا کیا حکم ہے؟

ج جن چیزوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نص نہیں فرمائی تو پھر ان چیزوں کو لوگوں کی عادت پر محمول کیا جائے گا دیکھے گے اگر لوگ اسے طول کر بیچ طے ہیں تو پھر اس چیز کو طولی کر ہی دیا جائے گا۔

Date: Day:

س (9) کیا معدوہ چیز کی بیع ردی کے ساتھ جائز ہے؟

ج معدوہ کی بیع ردی کے ساتھ جائز نہیں لیکن برابر برابر ہوں تو پھر جائز ہے

س (10) عقد صرف کسے کہتے ہیں؟

ج وہ عقد جو ثمن کی جنس پر واقع ہو

س (11) کیا ردی ہونا چیز میں وصف ہے؟

ج جی ہاں ردی ہونا چیز میں وصف ہے

س (12) گندم کی بیع آٹے کے ساتھ جائز ہے یا نہیں؟

ج گندم کی بیع آٹے کے ساتھ جائز نہیں ہے

س (13) گوشت کی حیوان کے ساتھ بیع جائز ہے یا نہیں اس مسئلے کے بارے میں ائمہ اکرام کا موقف بیان کریں

ج شیخین کے نزدیک گوشت کی حیوان کے ساتھ بیع جائز ہے لیکن امام محمد فرماتے ہیں کہ گوشت کی بیع حیوان کے ساتھ جائز نہیں ہے لیکن فتویٰ شیخین کے قول پر ہے۔

س (14) "خشک کھجور کی تر کھجور کے ساتھ بیع" کے بارے میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا موقف بیان کریں؟

ج امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ خشک کھجور کی بیع تر کھجور کے ساتھ جائز ہے اس صورت میں جائز ہے جب برابر برابر ہوں

س (15) کیا انگور کی کشمش کے ساتھ بیع جائز ہے؟

ج انگور کی کشمش کے ساتھ بیع جائز ہے

س (16) جو کام کیا ہے کیا اس میں سے اجرت لینا جائز ہے؟

ج جو کام کیا ہو اس میں سے اجرت لینا یا دینا ناجائز ہے

س (17) اگر آقا نے اپنے غلام کو ایک درہم دیا اور کہا کہ اب تو نے جب مجھے واپس دینے ہیں تو دو درہم دینے ہیں کیا آقا سے زائد درہم کا مطالبہ جائز ہے یا نہیں جائز؟

ج آقا کا ایک درہم زائد کا مطالبہ کرنا جائز ہے کیونکہ غلام کے سارے مال

CamScanner

Date: Day:

کا مالک آقا ہی ہے اس وجہ سے جائز ہے

س کیا زیتون کی زیتون کے تیل کے ساتھ اور تل کی تل کے تیل کے ساتھ بیع جائز ہے؟

ج دونوں صورتوں میں بیع جائز نہیں ہے یعنی زیتون کی زیتون کے تیل کے ساتھ بیع جائز نہیں اور تل کی تیل کے تل کے ساتھ بیع جائز نہیں ہے

س مختلف گوشتوں کی آپس میں بیع جائز ہے یا نہیں؟

ج اگر مختلف گوشت ہو یعنی اگر بکری کا گوشت ہو اور گائے کا گوشت ہو تو ان دونوں گوشتوں میں زیادتی کے ساتھ بیع جائز ہے

## باب السلم

مختصر سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

س (1) سلم کا لغوی معنی لکھیں؟

ج سلم کا لغوی معنی "قرض حسنا" ہے

س (2) سلم کا اصطلاحی معنی کیا ہے؟

ج نقد کے ساتھ ادھار کی بیع کرنے کو "سلم" کہتے ہیں

س (3) مزروعات میں بیع سلم جائز ہے یا نہیں؟

ج مزروعات میں بیع سلم جائز ہے

س (4) کیا جانور کے تمام اجزاء کی بیع سلم جائز ہے؟

ج جانور کے تمام اجزاء کی بھی بیع سلم جائز نہیں ہے کیونکہ ان میں تفاوت بہت زیادہ ہوتا ہے

س (5) لکڑی کے گٹھے میں بیع سلم جائز ہے یا نہیں

ج لکڑی کے گٹھے میں بیع سلم جائز نہیں کیونکہ اس میں بھی فرق بہت زیادہ ہوتا ہے اسی طرح گھاس کے گٹھے میں بھی بیع سلم جائز نہیں

س ⑥ کیا معین بستی کے غلے میں بیع سلم جائز ہے ؟
ج معین بستی کے غلہ میں بھی بیع سلم جائز نہیں ہے
س ⑦ کیا معین درخت کے پھل کی بیع جائز ہے ؟
ج معین درخت کے پھل میں بیع سلم جائز نہیں ہے
س ⑧ کیا معین شخص کے پیمانے کے ساتھ بیع سلم جائز ہے ؟
ج معین شخص کے پیمانے کے ساتھ بھی بیع سلم جائز نہیں ہے
س ⑨ کیا معین شخص کے گز کے ساتھ بیع سلم جائز ہے ؟
ج معین شخص کے گز کے ساتھ بھی بیع سلم جائز نہیں ہے
س ⑩ امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک بیع سلم کی کتنی اور کونسی شرائط ہیں ؟
ج امام اعظم فرماتے ہیں کہ بیع سلم سات شرائط کے ساتھ صحیح ہے اس کے علاوہ صحیح نہیں ہے اور وہ شرائط درج ذیل ہیں
① مقدار میں جنس معلوم ہو ② اور قسم بھی معلوم ہو ③ کوالٹی بھی معلوم ہو
④ مدت بھی معلوم ہو ⑤ ثمن کی مقدار کی معرفت بھی ضروری ہے جب عقد اس ثمن کی مقدار پر معلق ہو
⑥ جس جگہ میں چیز سپرد کرنی ہے اس کو ذکر کرنا ضروری ہے جب اس کے لیے اٹھانا مشقت ہو
⑦ اور اس مبیع کی مقدار بھی معلوم ہو
س ⑪ "جب ثمن معین ہو تو اس کو ذکر کرنے میں محتاجی نہیں ہے" اس مسئلہ کے بارے میں صاحبین کا موقف بیان کریں ؟
ج صاحبین فرماتے ہیں کہ جب ثمن معین ہو تو اس کو ذکر کرنے کی طرف کوئی محتاجی نہیں اور اس کو سپرد کرنا بھی ضروری نہیں ہے اور اس جگہ کو معین کرنا بھی ضروری نہیں .
س ⑫ کیا کپڑے میں بیع سلم جائز ہے یا نہیں اگر جائز ہے تو کس صورت میں جائز ہے ؟
ج کپڑے میں بیع سلم جائز ہے جب اس کی لمبائی اور چوڑائی اور حقیقت

Date: Day:

کو بیان کر دیا ہو

س (13) بیع سلم میں شرکت جائز ہے یا نہیں ؟

ج بیع سلم میں شرکت جائز نہیں ہے

س (14) جو اہروں اور موتیوں میں بیع سلم جائز یا نہیں ؟

ج جو اہروں اور موتیوں میں بیع سلم ناجائز ہے

س (15) کچی اور پکی اینٹ میں بیع سلم کا کیا حکم ہے ؟

ج کچی اور پکی اینٹ میں بیع سلم جائز ہے

س (16) جانوروں میں سے کس کس کی بیع جائز ہے ان میں سے چند کا ذکر کریں ؟

ج کتے کی بیع جائز ہے چیتے کی بیع جائز ہے درندے کی بیع جائز ہے اور ریشم کے کیڑے کی بیع جائز ہے ریشم کے ساتھ۔ اکیلے جائز نہیں

س (17) شہد کی مکھی کی بیع جائز ہے یا نہیں اگر جائز ہے تو کس صورت میں جائز ہے ؟

ج شہد کی مکھی کی بیع جائز نہیں ہے مگر شہد کی مکھی کی بیع اس کے چھتے کے ساتھ جائز ہے

س (18) ذمی کافر کسے کہتے ہیں اور اس کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

ج وہ کافر جو مسلمانوں کو ٹیکس دے کر مسلمانوں کے ملک میں رہتے ہیں ان کو ذمی کافر کہتے ہیں ان کی تمام بیوع کا حکم مسلمانوں کی بیوع کی طرح ہے

س (19) بیع سلم میں قبضہ کرنے سے پہلے تولیہ اور مرابحہ جائز ہے یا نہیں ؟

ج بیع سلم میں قبضہ کرنے سے پہلے تولیہ اور مرابحہ جائز ہے

س (20) کن چیزوں میں بیع سلم جائز ہے اور کن چیزوں میں نہیں جائز ؟

ج ہر وہ چیز جس کی صفت کا تعین اور جس کی مقدار کی معرفۃ ممکن ہو تو ان چیزوں میں بیع سلم جائز ہے

ہر وہ چیز جس کی صفت کا تعین اور جس کی مقدار کا تعین ممکن نہ ہو تو ان چیزوں میں بیع سلم جائز نہیں ہے

CamScanner

Date: Day:

# باب الصرف

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① صرف کے لغوی معنی لکھیں؟

ج صرف کے لغوی معنی "پھیرنا" ہیں

س ② صرف کا اصطلاحی معنی لکھیں؟

ج صرف کا اصطلاحی معنی "ثمن کو ثمن کے ساتھ بیچنا"

س ③ ثمن کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کونسی ہیں؟

ج ثمن کی دو قسمیں ہیں

① ثمن خلقی ② ثمن غیر خلقی

س ④ ثمن خلقی کسے کہتے ہیں؟

ج ثمن خلقی وہ جسے ثمنیت کے لیے پیدا کیا ہو

س ⑤ ثمن غیر خلقی سے کیا مراد ہے

ج ثمن غیر خلقی وہ جسے ثمنیت کے لیے پیدا نہ کیا ہو لیکن لوگ اس سے ثمن کا کام لیتے ہوں

س ⑥ اگر کسی نے چاندی کے بدلے چاندی اور سونے کے بدلے سونا بیچا تو کیا اس طرح بیچنا جائز ہے یا نہیں؟

ج اگر کسی نے چاندی کے بدلے چاندی اور سونے کے بدلے سونا بیچا تو اس طرح بیچنا جائز نہیں ہے لیکن اگر دونوں طرف وزن برابر ہو تو پھر اس طرح بیچنا جائز ہے اس میں کمی و بیشی جائز نہیں

س ⑦ دونوں کے جدا ہونے سے پہلے دونوں عوضین پر قبضہ کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

ج دونوں کے جدا ہونے سے پہلے دونوں عوضین پر قبضہ کرنا ضروری ہے

Date: Day:

س ⑧ اگر کسی نے سونے کو چاندی کے بدلے میں بیچا تو کیا اس میں کمی و بیشی جائز ہے یا نہیں؟

ج اگر کسی نے سونے کو چاندی کے بدلے میں بیچا تو اس صورت میں کمی و بیشی جائز ہے

س ⑨ اگر بیع صرف میں دونوں جدا ہو گئے یا ایک جدا ہو گیا معوضین پر قبضہ کرنے سے پہلے تو عقد کیا حکم ہے؟

ج اگر بیع صرف میں دونوں جدا ہو گئے یا ایک جدا ہو گیا معوضین پر قبضہ کرنے سے پہلے تو عقد باطل ہو جائے گا

س ⑩ بیع صرف میں ثمن پر قبضہ سے پہلے تصرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج بیع صرف میں ثمن پر قبضہ سے پہلے تصرف کرنا جائز نہیں ہے

س ⑪ کیا سونے کی بیع چاندی کے ساتھ اندازے سے جائز ہے یا نہیں؟

ج سونے کی بیع چاندی کے ساتھ اندازے سے جائز ہے۔

س ⑫ کیا درہم صحیح درہموں کی بیع تیار شدہ درہموں کے ساتھ جائز ہے یا نہیں

ج جائز ہے

س ⑬ جب درہم میں چاندی غالب ہو تو اس کا کیا حکم ہے اور اسی طرح اگر دنانیر پر غالب سونا ہو تو وہ کس کے حکم میں ہوگا۔

ج جب درہم میں چاندی غالب ہو تو وہ خالص چاندی کے حکم میں ہوں گے اور اگر دنانیر پر سونا غالب ہو تو وہ بھی خالص سونے کے حکم میں ہوں گا

س ⑭ جس نے کسی شئے کو رائج پیسوں کے ساتھ بیچا پھر لیکن اس نے ابھی پیسے نہیں دیئے تو پیسے دینے سے پہلے ہی وہ پیسے غیر رائج ہو گئے تو اس بیع کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ اگر رائج پیسے دینے سے پہلے ہی لوگوں نے ان رائج پیسوں سے اپنے معاملات طے کرنا چھوڑ دیئے تو پھر بیع باطل ہو جائے گی۔

Date: Day:

س (15) اگر کسی نے کھوٹے دراھم کے بدلے میں سامان کو خریدا تو پھر وہ کھوٹے دراھم ابھی اس شخص نے ادا نہیں کیے تھے کہ لوگوں نے ان دراھم سے اپنے معاملات طے کرنا ترک کر دیے تو اس بیع کے بارے میں ائمہ اکرام کے اختلافات لکھیں؟

ج: امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ دراھم دینے سے پہلے بغیر رائج ہوگئے تو پھر بیع باطل ہو جائے گی لیکن امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ بیع باطل نہیں ہوگی بلکہ جس نے وہ بیع ہوئی تھی اس دن کا اعتبار کیا جائے گا کہ اس دن کتنے پیسے بنتے تھے اور امام محمد فرماتے ہیں کہ جس دن لوگوں نے ان دراھم کو ترک کیا ہے اس دن کا اعتبار کیا جائے گا کہ اس دن کتنی رقم بنتی تھی۔

س (16) اگر کسی شخص نے نسبیاورے کو ایک درھم دیا اور کہا کہ مجھے آدھے درھم کے بدلے پیسے دے دو اور باقی آدھے درھم کے بدلے میں مجھے نصف درھم دو مگر اتنی سے کم چاندی کا سکہ دو تو اس مسئلے کے بارے میں اختلافات ائمہ اکرام لکھیں؟

ج: امام اعظم فرماتے ہیں کہ یہ تمام بیع باطل ہے اور صاحبین فرماتے ہیں کہ جو وہ آدھے درھم کے بدلے پیسے دے گا اس میں بیع درست ہے لیکن بقیہ میں بیع باطل ہے

س (17) جس نے گیارہ درھم دس (10) درھم اور ایک دینار کے بدلے میں بیچے تو کیا اس طرح کی بیع جائز ہے یا نہیں

ج: جس نے گیارہ (11) درھم دس (10) درھم اور ایک دینار کے بدلے میں بیچے تو اس طرح بیع کرنا جائز ہے اب وہ دس درھم ان 10 درھموں کے بدلے میں ہو جائے گے اور باقی ایک درھم وہ دینار کے بدلے میں ہو جائے گا۔

Date: Day:

# کتاب الرھن

مختصر سوالات کے جوابات عنایت فرمائیں

س ① رھن کا لغوی معنی بیان کریں؟

ج رھن کا لغوی معنی "روک لینا"

س ② رھن کی اصطلاحی تعریف لکھیں؟

ج کسی چیز کو اپنے حق کے ساتھ روک لینا جس کے ذریعے حق کو وصول کرنا ممکن ہو

س ③ رھن کن چیزوں کے ساتھ منعقد ہوتا ہے؟

ج رھن ایجاب وقبول کے ساتھ منعقد ہوتا ہے

س ④ رھن کن چیزوں کے ساتھ مکمل ہوتا ہے؟

ج رھن قبضے کے ساتھ مکمل ہوتا ہے

س ⑤ جو چیز رھن رکھوائی جائے اس کو کیسا ہونا چاہیے؟

ج جو چیز رھن رکھوائی جائے وہ تقسیم شدہ ہو اور اس میں غیر کی شرکت بھی نہ ہو اور جو چیز رھن رکھوائی جائے وہ جدا بھی ہو

س ⑥ مرھونہ چیز مرتھن کے قبضے میں ضمانت ہوتی ہے یا نہیں اس مسئلے کے بارے میں احناف اور شافعی کا موقف بیان کریں؟

ج احناف کے نزدیک مرھونہ چیز مرتھن کے قبضے میں ضمانت ہوتی ہے اور شافعیوں کے نزدیک مرھونہ چیز مرتھن کے قبضے میں امانت ہوتی ہے

س ⑦ جب مرتھن نے رھن پر قبضہ کر لیا تو وہ کس چیز میں داخل ہو گئی؟

ج جب مرتھن نے رھن پر قبضہ کر لیا تو وہ ضمان میں داخل ہو جائے گا

س ⑧ رھن کن چیزوں کے ساتھ صحیح ہوتا ہے بیان کریں؟

ج رھن دین مضمون کے ساتھ صحیح ہوتا ہے

Date:________ Day:________

س ⑨ اگر رھن کی قیمت دین سے زیادہ ہے تو وہ جو زیادتی ہے وہ کس حکم میں ہے؟

ج تو وہ جو زیادتی ہو گی وہ مرتھن کے پاس امانت ہو گی

س ⑩ مشاع "کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج ایسی مشترک چیز جو تقسیم نہ ہوئی ہو اسے "مشاع" کہتے ہیں مشاع چیز کو رھن رکھانا جائز نہیں ہے۔

س ⑪ کیا امانت کے ساتھ رھن صحیح ہے؟

ج امانت کے ساتھ رھن صحیح نہیں ہے

س ⑫ کیا درخت کو اور جو کچھ اس پر پھل لگا ہے اس کو رھن رکھوا سکتے ہیں؟

ج درخت کو اور جو کچھ اس پر پھل لگا ہے اس کو رھن رکھوانا جائز نہیں ہے

س ⑬ جس زمین میں کھیتی ہو کیا اس کو رھن رکھوا سکتے ہیں؟

ج جس زمین میں کھیتی ہو اس کو رھن رکھوانا جائز نہیں ہے۔

س ⑭ اگر عقد کی مجلس میں وہ رھن ہلاک ہو گیا تو پھر بیع صرف اور بیع سلم کا کیا حکم ہے؟

ج عقد کی مجلس میں اگر وہ رھن ہلاک ہو گیا تو بیع صرف اور بیع سلم مکمل ہو جائے گی۔

س ⑮ جب دونوں مرتھن اور راھن متفق ہیں عادل شخص کے ہاتھ میں رھن رکھانے میں تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج جب دونوں مرتھن اور راھن متفق ہیں عادل شخص کے ہاتھ میں رھن رکھانے میں تو یہ جائز ہے۔

س ⑯ رھن کن چیزوں میں صحیح ہے؟

ج بیع سلم کے رأس المال کے عوض رھن صحیح ہے اور بیع صرف کے ثمن کے عوض بھی رھن صحیح ہے اور مسلم فیہ کے عوض بھی رھن صحیح ہے۔

Date: Day:

س (17) اگر راہن نے مرتہن سے مدت معلوم سے پہلے ہی رہن کا مطالبہ کیا تو اب مرتہن کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر راہن نے مرتہن سے مدت معلوم سے پہلے ہی رہن کا مطالبہ کیا تو اب مرتہن کو چاہیے کہ وہ راہن کو کہے کہ تم پہلے مجھے میرا قرض واپس کرو پھر میں آپ کو رہن چیز دوں گا۔

س (18) اگر مرتہن کے پاس راہن رہن رکھوائے تو کیا مرتہن اس رہن کو آگے بیچ سکتا ہے یا نہیں؟

ج اگر مرتہن کے پاس راہن رہن رکھوائے تو مرتہن کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ رہن کو آگے بیچے۔

س (19) مرتہن کس صورت میں رہن کو آگے دے سکتا ہے؟

ج جب راہن مرتہن کو رہن واپس کر دے تو اس وقت مرتہن کو کہا جائے گا کہ تم رہن چیز راہن کے حوالے کر دو۔

س (20) جب راہن نے رہن مرتہن کے پاس رکھوایا ہے اب راہن اس رہن کو مرتہن کی اجازت کے بغیر آگے بیچ دیتا ہے تو پھر اس بیع کا کیا حکم ہے؟

ج جب راہن نے رہن مرتہن کے پاس رکھوایا پھر اس رہن کو راہن نے مرتہن کی اجازت کے بغیر آگے بیچ دیا تو پھر وہاں ہی موقوف ہو جائے گی۔

س (21) اگر راہن نے مرھونہ چیز غلام کو رکھوایا پھر راہن نے مرتہن کی اجازت کے بغیر اس غلام کو آزاد کر دیا تو کیا راہن کا آزاد کرنا نافذ ہو جائے گا یا نہیں

ج اگر راہن نے اس مرھونہ غلام کو مرتہن کی اجازت کے بغیر آزاد کر دیا تو اس کا آزاد کرنا نافذ ہو جائے گا

س (22) اگر راہن نے مرھونہ چیز جو مرتہن کے پاس رکھوائی تھی اس کو ہلاک کر دیا تو پھر کیا حکم ہے؟

ج اگر راہن نے مرھونہ چیز کو ہلاک کر دیا تو پھر اس رہن کا ضامن راہن ہو گا

Date:______ Day:______

س (23) اگر مرتھن نے راھن کو قرضے میں عمدہ سونا دیا لیکن جب راھن نے قرضہ واپس کیا تو گھٹیہ سونا دیا تو اس اور اس مرتھن کو معلوم بھی نہیں کہ یہ گھٹیہ سونا ہے یا عمدہ پھر اس نے استعمال کیے تو کو معلوم ہوا کہ یہ تو گھٹیہ سونا ہے تو اب مرتھن کے لیے کیا حکم ہے کہ وہ سونا واپس یا نہ کرے

ج امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ مرتھن سونا واپس نہیں کرے گا لیکن صاحبین فرماتے ہیں کہ اگر مرتھن نے اس سونے کو خرچ کر دیا ہے تو مرتھن کے لیے حکم یہ ہے کہ وہ گھٹیہ سونا کسی اور سے خرید کر اس کو واپس کرے اور اس سے کہے کہ مجھے عمدہ سونا دو لیکن مفتی بہ قول بھی صاحبین کا ہے۔

س (24) اگر کسی شخص نے ایک لاکھ روپے میں دو غلام خریدے تو پھر اس بائع نے مشتری سے کہا کہ تم مجھ سے دس ہزار روپے لے لو اور ایک غلام مجھے واپس کر دو تو کیا ایسا کرنا درست ہے یا نہیں؟

ج ایسا کرنا درست نہیں ہے بلکہ اگر بائع نے غلاموں کو واپس لینا ہے تو وہ ایک لاکھ اس مشتری کو دے اور اس سے دونوں غلاموں کو واپس لے لے اگر وہ دس ہزار دے اور مشتری کو کہے کہ مجھے ایک غلام واپس کر دو ایسا کرنا جائز نہیں ہے بلکہ لینے ہیں تو دونوں لے ورنہ نہ لے۔

س (25) اگر راھن نے مرتھن کو یا عادل کو یا ان دونوں کے علاوہ اگر کسی کے پاس رھن رکھوایا اور اس نے کہا کہ اگر میں مدت معلومہ پر دین واپس نہ کروں تو آپ نے یہ رھن چیز کو بیچ کر رقم پوری کر لینی ہے تو کیا ایسی وکالت درست ہے یا نہیں؟

ج جی ہاں ایسی وکالت درست ہے کہ اگر میں نے آپ کو دین مدت معلومہ سے پہلے نہ دیا تو تم اس رھن چیز کو بیچ کر تم اپنے پیسے پورے کر لینا تو اس کا یہ بات کہنا بالکل درست ہے۔

Date: Day:

س (26) اگر مرھونہ چیز کو کسی اجنبی نے ہلاک کر دیا تو پھر کیا حکم ہے؟

ج اگر مرھونہ چیز کو کسی اجنبی نے ہلاک کر دیا تو اب مرتھن کو چاہیے کہ وہ اجنبی سے مرھونہ چیز کی قیمت کا طالب کرے۔

س (27) اگر راھن نے مرھونہ چیز میں کھڑالی پیدا کی تو پھر کیا حکم ہے؟

ج اگر راھن نے مرھونہ چیز میں کھڑالی پیدا کی تو پھر راھن ہی ضامن ہوگا

س (28) اگر مرھونہ چیز میں مرتھن نے ہی کھڑالی پیدا کی تو پھر مرتھن کے لیے کیا حکم ہے؟!

ج اگر مرھونہ چیز میں مرتھن نے ہی کھڑالی پیدا کی تو پھر رھن میں کھڑالی آنے کی وجہ سے جتنی قیمت کم ہوگئی ہے اتنی ہی قیمت مرتھن کے دین سے کم ہو جائے گی۔

س (29) اگر رھن چیز نے ہی کھڑالی پیدا کی تو پھر راھن اور مرتھن کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر رھن چیز نے ہی کھڑالی پیدا کی تو پھر راھن اور مرتھن پر کوئی چیز لازم نہیں آئے گی۔

س (30) چرواہے کی اجرت اور رھن کا نفقہ کس پر ہے؟

ج چرواہے کی اجرت اور رھن کا نفقہ راھن پر ہے

س (31) قبضے کے دن رھن کی قیمت کس پر تقسیم کی جائے گی اور چھوڑانے والے دن کس پر تقسیم ہوگی؟

ج قبضے کے دن رھن کی قیمت پر دین کو تقسیم کیا جائے گا اور چھوڑانے کے دن بڑھوتری کی قیمت پر تقسیم کیا جائے گا

س (32) کیا رھن میں زیادتی جائز ہے یا نہیں جائز؟

س (33) کیا دو بندوں کے پاس ایک ہی چیز کو رھن رکھانا اور ان دونوں سے دین لینا جائز ہے

ج دو بندوں کے پاس ایک ہی چیز کو رھن رکھانا اور ان دونوں سے دین لینا جائز ہے۔

Date: Day:

س 34 جب راہن نے مرتہن کو غلام دیا اور کہا کہ تم اس غلام کو بیچو اور اس کی جو قیمت ملے گی اس سے فلاں چیز خریدو اور اس کو اپنے پاس رہن رکھو تو کیا ایسا کرنا جائز ہے

ج راہن کا اس طرح کرنا درست ہے لیکن اگر مرتہن کہے کہ میں ایسا نہیں کرسکتا تو پھر راہن کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ مرتہن کو اس بات پر مجبور کرے۔

## کتاب الحجر

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س 1 حجر کا لغوی معنی لکھیں؟

ج حجر کا لغوی معنی "روکنا" ہے

س 2 حجر کا اصطلاحی معنی بیان کریں؟

ج حجر کا اصطلاحی معنی "تصرف قولی سے روکنا نہ کہ تصرف فعلی سے روکنا"

س 3 حجر کو ثابت کرنے کے کتنے اسباب ہیں اور کون کون سے ہیں

ج حجر کو ثابت کرنے کے لیے تین اسباب ہیں

1 بچپنا 2 غلام 3 پاگل پن (مجنون)

س 4 کیا یہ مذکورہ بالا تین اسباب یہ افعال میں حجر کو ثابت کرتے ہیں یا اقوال میں حجر کو ثابت کرتا ہیں؟

ج مذکورہ بالا تینوں اسباب افعال میں حجر کو ثابت نہیں کرتے بلکہ اقوال میں حجر کو ثابت کرتے ہیں۔

س 5 کیا چھوٹے بچے کی خرید وفروخت جائز ہے یا نہیں جائز؟

ج چھوٹے بچے کی خرید وفروخت جائز نہیں ہے۔

س 6 بچے اور مجنون کے لیے کون سے کام کرنا صحیح نہیں ہے؟

ج بچہ اور مجنون یہ دونوں عقد نہیں کرسکتے ان دونوں کا اقرار کرنا بھی صحیح نہیں ہے

Date: Day:

س (7) بے وقوف کی خرید و فروخت کے بارے میں امام ابو حنیفہ کیا فرماتے ہیں؟

ج بے وقوف کو خرید و فروخت سے نہیں روکا جائے گا امام ابو حنیفہ کے نزدیک

س (8) بے وقوف جب 25 سال کا ہو جائے تو امام صاحب کے نزدیک اس کے لیے کیا احکام ہیں؟

ج امام صاحب فرماتے ہیں کہ جب بے وقوف 25 سال کا ہو جائے اور اس کو سمجھ آنے لگ جائے جب کہ 25 سال کا ہو جائے تو اس کو اس کا مال دے دیا جائے

س (9) اگر آقا بے وقوف ہو تو اس کا غلام آزاد کرنا درست ہے یا نہیں اس کے بارے میں صاحبین اور امام اعظم کا موقف بیان کریں؟

ج صاحبین فرماتے ہیں کہ اگر آقا بے وقوف ہو تو اگر اس نے اپنے غلام کو آزاد کر دیا تو اس کا آزاد کرنا صحیح ہوگا اور امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک بھی آزاد کرنا صحیح ہوگا۔

س (10) بے وقوف کا شادی کرنا جائز ہے یا نہیں

ج بے وقوف اگر کسی عورت سے شادی کر لے تو اس کا شادی کرنا جائز ہے۔

س (11) صاحبین کے نزدیک بے وقوف کو کب اس کا مال سپرد کیا جائے؟

ج صاحبین فرماتے ہیں جو شخص بے وقوفی کی حالت میں بالغ ہوا سے مال نہیں دیا جائے گا اس وقت تک جب تک اس سے عقلمندی کے آثار ظاہر نہ ہو جائیں

س (12) کیا بے وقوف کے مال سے زکوٰۃ نکالی جائے گی؟

ج جی ہاں بے وقوف کے مال سے زکوٰۃ نکالی جائے گی۔

س (13) بے وقوف کا مال کس پر خرچ کیا جائے گا؟

ج بے وقوف کا مال اس کی اولاد پر اور اس کی بیوی پر خرچ کیا جائے گا اور ان لوگوں پر بھی خرچ کیا جائے گا جن کا نفقہ ان پر واجب ہے

س (14) امام ابو حنیفہ کے نزدیک لڑکا کب بالغ ہوتا ہے؟

ج امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک جب بچہ 18 سال کا ہو جائے اس وقت بالغ ہو جاتا ہے

س (15) جب بے وقوف مرنے کے قریب پہنچا ہو اور وہ وصیت کرے تو کیا اس کی وصیت

Date: ________ Day: ________

کرنا صحیح ہے یا نہیں اور اگر صحیح ہے تو پھر وصیت کس طریقے سے پوری کی جائے گی؟

ج: جب بے وقوف مرنے کے قریب پہنچا اور کچھ نیک کاموں کی اور کچھ بھلائی کے کاموں کی وصیت کرے تو اس کی وصیت کرنا جائز ہے پھر بے وقوف کے مال کے تیسرے حصے کے ساتھ وصیت کو پورا کیا جائے گا باقی دو حصے اس کے ورثاء میں تقسیم کیے جائیں گے

س 16: صاحبین کے نزدیک لڑکا اور لڑکی کب بالغ ہوتے ہیں؟

ج: صاحبین فرماتے ہیں کہ جب لڑکا اور لڑکی 15 سال کی عمر کو پہنچ جائیں تو بالغ ہو جاتے ہیں اگر معلوم نہ ہو کہ بالغ ہوگئے ہیں یا نہیں تو پھر اس صورت میں ان کی بات کا اعتبار کیا جائے گا

س 17: مفلس شخص کا مال کس پر خرچ کیا جائے گا؟

ج: مفلس شخص کا مال اس کی بیوی پر اس کے چھوٹے بچوں پر اور اس کے وہ رشتہ دار جس کا نفقہ اس پر واجب ہے ان پر خرچ کیا جائے گا۔

س 18: اگر مفلس نے کسی کا مال چوری کیا اور اس کو کھا لیا یا اس نے کسی چیز میں کوئی برائی پیدا کی اس کے قرض کی وجہ سے قاضی اس کو قید نہیں کرے گا مگر اگر کوئی گواہ ہو کہ مفلس کے پاس مال ہے تو پھر قاضی اس مفلس کو کتنی مدت تک ان کو قید رکھے گا؟

ج: اگر کوئی گواہ کہے کہ مفلس کے پاس پیسے ہیں تو پھر قاضی اس مفلس کو 2 ماہ یا 3 ماہ قید کر کے رکھے گا

س 19: اگر مفلس اپنے مال کو فروخت کر کے قرض خواہ کا قرض ادا نہ کرے تو پھر قاضی کیا کرے گا؟

ج: اگر مفلس اپنے مال کو فروخت کر کے قرض خواہ کا قرض ادا نہ کرے تو پھر قاضی اس کے مال کو بیچ کر قرض خواہوں کے قرضوں کو ادا کرے گا ان سب کے حصے کے مطابق

CamScanner

Date: ________ Day: ________

س (20) جب فاسق مال کو صحیح طریقہ سے کماتا ہے اور خرچ کرتا ہے تو کیا اس پر حجر کیا جائے گا؟

ج جب فاسق مال کو صحیح طریقے سے کماتا ہے اور خرچ کرتا ہے تو پھر اس پر حجر نہیں کیا جائے گا

س (21) کیا مفلس کو خرید و فروخت سے روکا جائے گا یا اس کو قید کیا جائے گا یا نہیں؟

ج مفلس شخص کو نہ خرید و فروخت سے روکا جائے گا اور نہ ہی سفر سے روکا جائے گا اور اس کو قید بھی نہیں کیا جائے گا

س (22) اگر کوئی گواہ نہ ہو کہ مفلس کے پاس مال ہے تو پھر مفلس کو 2 یا 3 ماہ قید کیا جائے گا لیکن اگر مفلس نے 2 یا تین ماہ سے پہلے ہی کوئی گواہ قائم کر دیا کہ میرے پاس مال نہیں ہے تو پھر اس مفلس کو آزاد کیا جائے گا یا نہیں کیا جائے گا

ج اگر مفلس نے 2 ماہ یا 3 ماہ سے پہلے ہی کوئی گواہ قائم کر دیا کہ میرے پاس نہیں تو پھر قاضی اس مفلس کو آزاد کر دے گا کیونکہ اس نے گواہ قائم کر دیا ہے

س (23) اگر کسی مفلس کے پاس گائیں ہیں لیکن وہ قرض ہی نہیں دے رہا تو اس مفلس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج اگر کسی مفلس کے پاس گائیں بھی موجود ہے پھر بھی وہ قرض خواہ کا قرض نہیں ادا کر رہی تو پھر اس مفلس کو یہ نہیں کہا جائے گا کہ تم گائیں کو حوالے کرو بلکہ اس کو کہا جائے گا کہ تم اس گائیں کو بیچو اور اس سے جو رقم حاصل ہوگی اس کو تمام قرض خواہوں کے درمیان تقسیم کر دیا جائے گا

س (24) مفلس کی آمدنی کو کیا خرچ کیا جائے گا؟

ج مفلس کی آمدنی میں سے اہل عیال پر خرچ کرنے کے بعد جو بچے گا اس کو قرض خواہ آپس میں اپنے حصے کے مطابق تقسیم کریں گے

CS CamScanner

Date: Day:

# کتاب الاقرار

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① اقرار کا لغوی معنیٰ لکھیں؟

ج اقرار کا لغوی معنیٰ "ثابت کرنا" ہے۔

س ② اقرار کا اصطلاحی معنیٰ لکھیں؟

ج اقرار کا اصطلاحی معنیٰ "کسی کے حق کو اپنے اوپر ثابت کرنا" اقرار کہلاتا ہے۔

س ③ "مقر" کسے کہتے ہیں؟

ج اقرار کرنے والے کو "مقر" کہتے ہیں

س ④ کن کن لوگوں کا اقرار کرنا ان پر لازم آئے گا؟

ج جب آزاد شخص، عاقل اور بالغ اقرار کرے تو ان لوگوں کا اقرار کرنا ان پر لازم آئے گا۔

س ⑤ اگر وہ شخص کہے کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے کوئی شے ہے تو کیا اس پر لازم ہوگا کہ وہ اس مبہم کو بیان کرے؟

ج اگر وہ شخص کہے کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے کوئی شے ہے اس پر لازم ہے کہ وہ اس شے کی قیمت بیان کر دے

س ⑥ اگر مقر نے کہا کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے سب سے زیادہ مال ہے تو اب کتنے درھموں سے کم کی تصدیق نہیں کی جائے گی؟

ج اگر مقر نے کہا کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے سب سے زیادہ مال ہے تو پھر 200 درھم سے کم کی تصدیق نہیں کی جائے گی۔

س ⑦ اگر مقر یہ کہے کہ مجھ پر فلاں کے درھم ہیں تو اب کتنے درھموں کی تصدیق کی جائے گی؟

ج ایسے کہنے کہ مجھ پر فلاں کے درھم ہیں تو اب 3 دراھم کا اعتبار کیا جائے گا

Date: ______ Day: ______

لیکن اگر وہ 3 دراہم سے زیادہ کا اقرار کرلے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں

س ⑧ اگر مقر کہے کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے بہت زیادہ درہم ہیں تو پھر کتنے درھموں سے کم کی تصدیق نہیں کی جائے گی ؟

ج اگر مقر کہے کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے بہت زیادہ درہم ہیں تو پھر ۱۰ دراہم سے کم میں اس کی تصدیق نہیں کی جائے گی

س ⑨ اگر مقر کہے کہ مجھ پر فلاں کے اتنے اتنے درہم ہیں تو پھر کتنے درھموں کا اعتبار کیا جائے گا ؟

ج اگر مقر کہے کہ مجھ پر فلاں کے اتنے اتنے دراہم ہیں تو پھر گیارہ سے کم دراہم کا اعتبار نہیں کیا جائے گا

س ⑩ اگر مقر کہے کہ مجھ پر فلاں کے اتنے اور اتنے دراہم ہیں پھر کتنے درھموں کا اعتبار کیا جائے گا ؟

ج اگر مقر کہے کہ مجھ پر فلاں کے اتنے اور اتنے دراہم ہیں تو اب ۲۱ دراہم سے کم کا اعتبار نہیں کیا جائے گا

س ⑪ جس شخص نے اقرار کیا اور جس چیز کا اقرار کیا اس کے ساتھ جو چیز متصل ہے اس کا استثناء کرنا کیا صحیح یا نہیں صحیح ؟

ج جس چیز کا اقرار کیا جائے اس کے ساتھ جو چیز متصل ہے اس کا استثناء کرنا صحیح ہے

س ⑫ اگر مقر نے پہلے اقرار کیا پھر اس سارے کا استثناء کیا تو کیا اس کا یہ استثناء کرنا صحیح ہے یا نہیں

ج اگر مقر نے پہلے سارے کا اقرار کیا پھر سارے کا استثناء کر دیا تو اس کا یہ استثناء کرنا باطل ہے

س ⑬ اگر مقر نے کہا کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے ۱۰۰ درہم ہیں مگر ایک دینار اور یا ایک گندم کا قفیز نہیں ہے تو پھر اس مقر کے لیے کیا حکم ہے ؟

ج اگر مقر نے کہا کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے ۱۰۰ درہم ہیں مگر ایک دینار یا ایک گندم کا قفیز نہیں ہے تو پھر اس مقر کو چاہیے اس ایک دینار یا گندم کے قفیز کی

Date: Day:

مقدار ۱۰۰ درہم سے کم کر کے باقی دے دے

س (14) جس نے اقرار کیا کہ میں فلاں شخص کو گھر دیتا ہے لیکن اس کی جو عمارت ہے وہ میری ہے تو اب اس کا یہ استثناء کیا حکم ہے

ج جس نے اقرار کیا کہ میں نے فلاں شخص کو گھر دینا ہے لیکن اس کی جو عمارت ہے وہ میری ہے تو اس کا یہ استثناء کرنا باطل ہے

س (15) اگر مقر کہے کہ فلاں گھر کی عمارت میرے لیے ہے اور اس گھر کا صحن فلاں شخص کے لیے ہے تو مقر اس طرح کہنا کیا صحیح ہے یا نہیں؟

ج اگر مقر نے کہا کہ فلاں گھر کی عمارت میرے لیے ہے اور اس گھر کا صحن فلاں شخص کے لیے ہے تو مقر کا اس طرح کہنا بالکل صحیح ہے

س (16) اگر کسی شخص نے اقرار کیا کہ میں نے کسی کو کوئی شئے دینی ہے اور ساتھ یہ بھی کہا کہ اگر اللہ نے چاہا تو میں اس کو دوں گا تو کیا اس کا یہ اقرار اس پر لازم آئے گا یا نہیں

ج اگر کسی شخص نے اقرار کیا کہ میں نے کسی کو کوئی شئے دینی ہے اور ساتھ یہ بھی کہہ دیا کہ اگر اللہ چاہے تو دوں گا تو اس لینے والے شخص پر اقرار لازم نہیں آئے گا

س (17) جس نے اقرار کیا کہ ٹوکری سمیت کھجوریں میں نے کسی کو دینی ہیں تو کیا اس پر ٹوکری سمیت دینا لازم ہوں گی

ج جس نے اقرار کیا کہ ٹوکری سمیت کھجوریں میں نے فلاں کو دینی ہیں تو پھر اس کو ٹوکری سمیت کھجوریں دینا لازم ہوں گی

س (18) جس شخص نے یہ کہا کہ میں جھاڑے سمیت جانور کو دینا ہے تو کیا اس کو جانور جھاڑے سمیت لازم ہوگا یا نہیں

ج جس نے اقرار کیا کہ جانور جھاڑے سمیت فلاں کو دینا ہے تو بس اس پر جانور بغیر جھاڑے کے دینا لازم ہوگا

س (19) اگر کسی نے کہا کہ مجھ پر فلاں کے لیے ایک کپڑے میں لپیٹا کپڑا ہے تو کیا اس پر وہ دونوں کپڑے لازم آئیں گے یا ایک لازم آئے گا

ج اس شخص پر دونوں کپڑے لازم ہوں گے۔

CamScanner

Date:________ Day:________

س (20) اگر کسی نے اقرار کیا کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے ۱۰ کپڑوں میں ایک کپڑا ہے تو شیخین کے نزدیک اور امام محمد کے نزدیک کتنے کتنے کپڑے لازم ہوں گے؟

ج اگر کسی نے اقرار کیا کہ مجھ پر فلاں شخص کے لیے ۱۰ کپڑوں میں ایک کپڑا ہے تو امام شیخین کے نزدیک صرف اور صرف ایک کپڑا لازم آئے گا اور امام محمد کے نزدیک گیارہ کے گیارہ کپڑے اس پر لازم ہوں گے۔

س (21) اگر مقر نے کہا کہ میں نے ایک کپڑا چھوڑا ہے اور مقر وہ عیب دار ہے اور مقر لہ نے کہا نہیں بلکہ وہ کپڑا صحیح ہے تو اب ان دونوں میں قول کس کا معتبر ہوگا؟

ج اب اس مقر کو کہا جائے گا تم ایک گواہ قائم کرو جو یہ کہے کہ واقعی اس نے عیب دار کپڑے کو چھوڑا ہے لیکن اگر وہ گواہ قائم نہ کر سکے تو پھر مقر لہ کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا۔

س (22) اگر کسی شخص نے کہا کہ فلاں شخص کے لیے مجھ پر پانچ میں پانچ ہیں تو پھر اس نے ضرب اور حساب کا ارادہ کیا تو پھر امام صاحب کے نزدیک اس کو کتنے لازم آئیں گے

ج اگر کسی شخص نے کہا کہ فلاں شخص کے لیے مجھ پر پانچ میں پانچ ہیں تو پھر امام صاحب کے نزدیک اس کو ایک پانچ ہی لازم آئے گا۔

س (23) اگر مقر نے کہا کہ فلاں شخص کے لیے مجھ پر پانچ کے ساتھ پانچ ہیں؟

ج اگر مقر نے کہا کہ فلاں کے لیے مجھ پر پانچ کے ساتھ پانچ ہیں تو اس مقر پر ۱۰ لازم آئیں گے۔

س (24) اگر مقر نے کہا کہ مجھ پر فلاں کے لیے ایک درہم سے ۱۰ درہم تک ہیں تو امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک اس مقر پر کتنے لازم آئیں گے

ج اگر مقر نے کہا کہ مجھ پر فلاں کے لیے ایک درہم سے ۱۰ درہم تک ہیں تو امام صاحب کے نزدیک اس پر نو درہم لازم آئیں گے اور صاحبین کے نزدیک اس پر پورے کے پورے ۱۰ درہم لازم آئیں گے مفتی بہ قول امام اعظم کا ہے

CamScanner

Date:______ Day:______

س (25) اگر مقر نے کہا کہ غلام کے ثمن کے بدلے مجھ پر 1000 درہم ہیں تو اب اس نے غلام بھی معین نہیں کیا تو امام اعظم کے نزدیک اس پر کتنے درہم لازم آئیں گے

ج امام اعظم کے نزدیک اس مقر پر 1000 درہم ہی لازم آئیں گے

س (26) اگر مقر نے کہا کہ سامان کے ثمن کے بدلے فلاں شخص کے لیے مجھ پر 1000 دراہم ہیں اور وہ کھوٹے ہیں اور مقرلہ نے کہا کہ نہیں بلکہ وہ عمدہ ہے تو اب امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک کس کا قول معتبر ہوگا

ج امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ مقر کو 1000 درہم عمدہ لازم آئیں گے اور صاحبین فرماتے ہیں اگر مقر نے کہا کہ میں نے 1000 درہم دینے ہیں اور تھوڑی دیر بعد بول دیا کہ وہ 1000 درہم عمدہ نہیں دینے ہیں تو پھر مقر کا قول معتبر ہوگا لیکن اگر اس مقر نے فوراً نہ کہا بلکہ تھوڑی دیر بعد کہا تو پھر اس مقر کا نہیں مقرلہ کا قول معتبر ہوگا۔

س (27) اگر اس مقر نے کہا کہ میں نے فلاں شخص کو انگوٹھی دینی ہے تو اب اس انگوٹھی میں کیا کیا شامل ہے؟

ج اگر مقر نے کہا کہ میں نے فلاں شخص کو انگوٹھی دینی ہے تو اب اس میں انگوٹھی کا چھلہ بھی اور اس پر جو "نگ" ہوتا ہے وہ بھی شامل ہے۔

س (28) اگر مقر نے کہا کہ فلاں شخص کو میں نے تلوار دینی ہے تو اب اس میں پوری تلوار شامل ہے یا بعض تلوار شامل ہے

ج اگر مقر نے کہا کہ فلاں شخص کو میں نے تلوار دینی ہے تو اب اس میں ساری کی ساری تلوار شامل ہے

س (29) اگر مقر نے کہا کہ میں نے فلاں شخص کو "ڈولی" دینی ہے تو اب اس میں کون کون سی چیزیں شامل ہیں؟

ج اگر مقر نے کہا کہ میں نے فلاں شخص کو "ڈولی" دینی ہے تو اب اس میں ڈولی پوری کی پوری شامل ہے

Date:________ Day:________

س (30) مقر نے کوئی بھی شے کسی کو بھی دینی نہیں ہے بلکہ ویسے ہی اس نے کہا کہ میں
نے فلاں شخص کو کچھ دینا ہے تو اب امام یوسف اور امام محمد کے نزدیک کیا
اس کا اقرار کرنا درست ہے یا نہیں؟

ج اگر مقر نے کسی کا ویسے ہی اقرار کیا کہ مجھ پر فلاں کے لیے کوئی چیز
ہے تو اب امام یوسف کے نزدیک اس کا اقرار کرنا صحیح ہے اور امام محمد
کے نزدیک درست نہیں ہے

س (31) لونڈی کے حمل کا اور بکری کے حمل کا اقرار کرنا صحیح ہے یا نہیں

ج لونڈی کے حمل کا اور بکری کے حمل کا اقرار کرنا صحیح ہے

س (32) جس شخص نے حالت مرض میں دیون کا اقرار کیا اور اس پر حالت صحت
میں بھی دیون تھے تو اب اس کی وصیت کے مطابق پہلے حالت صحت والے
دیون واپس کیے جائیں گے یا حالت مرض والے؟

ج اگر مریض نے یہ وصیت کی کہ مجھ پر دیون ہیں انہیں واپس کر دینا تو اب اس
کے بیٹوں سے پہلے جو دیون حالت صحت میں تھا اس کو واپس کریں گے پھر حالت مرض والے دیون واپس کرنے گے

س (33) اگر مریض نے اپنے ورثاء کے لیے اقرار کیا تو کیا اس کا اقرار کرنا درست ہے یا نہیں؟

ج اگر مریض نے اپنے ورثاء کے لیے اقرار کیا تو اس مریض کا اقرار کرنا باطل
ہو گا

س (34) اگر کسی نے مرض الموت میں کسی اجنبی کا اقرار کیا کہ میں نے فلاں اجنبی کو
ثمن دینا ہے اور بعد میں یہ بھی کہا کہ وہ اجنبی میرا بیٹا ہے اور پھر اس اجنبی
کا نسب بھی اس کے ساتھ ثابت ہو گیا تو کیا اس کا یہ اقرار درست ہے یا نہیں

ج اگر کسی نے مرض الموت میں کسی اجنبی کا اقرار کیا اور بعد میں یہ بھی کہا کہ وہ اجنبی
میرا بیٹا ہے تو اس کا یہ اقرار باطل ہو جائے گا۔

س (35) اور جس نے کسی اجنبیہ عورت کا اقرار کیا اور پھر اس عورت سے نکاح
کر لیا تو کیا اب اس کا اقرار باقی رہے گا یا باطل ہو جائے گا

ج اس شخص کا اقرار باطل نہیں ہو گا جو اس نے اجنبیہ عورت کا کیا تھا۔

CamScanner

Date:________ Day:________

س (36) اگر مقر نے والدین کا اقرار کیا یا بیوی یا اولاد کا اقرار کیا تو اس کے اقرار کرنے کا کیا حکم ہیں

ج اگر مقر نے والدین کا، بیوی کا اور اولاد کا اقرار کیا تو اس کا اقرار کرنا جائز ہے

س (37) اگر کسی غلام نے اپنے آقا کا اقرار کیا تو کیا اس کا اقرار کرنا صحیح ہے یا نہیں ؟

ج اگر کسی غلام نے اپنے آقا کا اقرار کیا تو اس کا اقرار کرنا درست ہے -

س (38) اگر کسی نے والدین، اولاد اور بیوی کے علاوہ کسی اور کا اقرار کیا تو کیا اس کا اقرار کرنا صحیح ہے یا نہیں

ج اگر کسی نے والدین، اولاد اور بیوی کے علاوہ کسی اور کا اقرار کیا تو اس کا اقرار کرنا قبول نہیں کیا جائے گا -

س (39) اگر بچوں کا باپ مر گیا اور اس باپ کے ایک بیٹے نے کسی ایک کا اقرار کیا کہ یہ میرا بھائی ہے لیکن اس کا نسب اس کے ساتھ ملتا نہیں تھا تو پھر اس لڑکے کے بارے میں کیا حکم ہے کہ وہ وراثت میں شامل ہو گا یا نہیں

ج اگر بچوں کا باپ مر گیا اور اس باپ کے ایک بیٹے نے کسی ایک کا اقرار کیا کہ یہ میرا بھائی لیکن اس شخص کا نسب اس کے ساتھ ملتا نہیں تھا تو اب وہ لڑکا اس کے ساتھ وراثت میں تو شریک ہو گا لیکن اس کا بھائی نہیں کہلائے گا -

# کتاب الاجارۃ

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں ۔ -

س (1) اجارہ کی اصطلاحی تعریف لکھیں ؟

ج عوض کے بدلے منافع پر عقد کرنے کو اجارہ کہتے ہیں

س (2) اجارہ کس صورت میں صحیح نہیں ہوتا بیان کریں ؟

ج جب منافع بھی معلوم نہ ہوں اور اجرت بھی معلوم نہ ہو اس وقت اجارہ صحیح نہیں ہوتا

CS CamScanner

Date:________ Day:________

س ③ کون سی چیز اجارے میں اُجرت بننے کی صلاحیت رکھتی ہیں؟
ج جو چیزیں بیع میں ثمن بننے کی صلاحیت رکھتی ہیں اسی طرح اجارۃ میں بھی اُجرت بننے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔
س ④ منافع کبھی کن چیزوں سے معلوم ہوتے ہیں؟
ج منافع بھی کبھی مدۃ معلوم سے عمل سے، بیان کرنے، ساتھ اور تعیین کرنے کے ساتھ معلوم ہوتے ہیں
س ⑤ عقد کس پر صحیح ہے؟
ج عقد معلوم مدۃ پر صحیح ہے۔
س ⑥ کیا گھر اور دکان کو رہنے کے لیے کرائے پر لینا درست ہے؟
ج جی ہاں گھر اور دکان کو کرائے پر لینا بالکل درست ہے۔
س ⑦ کیا جو چیز کرائے پر لی ہے یعنی گھر یا دکان تو اس میں مالک کی اجازت کے بغیر کوئی کام کر سکتے ہیں یا نہیں؟
ج جی ہاں مالک کی اجازت کے بغیر اس گھر یا دکان میں کوئی بھی کام کر سکتے ہیں مگر لوہے کا کام، دھوبی کا کام اور چکی کا کام نہیں کر سکتے کیوں کہ ان کاموں کے کرنے سے دکان میں یا گھر میں خرابی آجاتی ہے
س ⑧ زمین کو کھیتی باڑی کے لیے کرائے پر لینا جائز ہے یا نہیں؟
ج زمین کو کھیتی باڑی کے لیے کرائے پر لینا جائز ہے۔
س ⑨ اگر کوئی شخص زمین کو کرائے پر لے تو اس زمین کے ساتھ کون کونسی چیزیں شامل ہیں؟
ج اگر کوئی شخص زمین کو کھیتی باڑی کے لیے کرائے پر لے تو اس میں مستاجر کے لیے پانی بھی ہوگا اور راستہ بھی ہوگا اگرچہ اس مستاجر نے شرط نہ لگائی ہو۔
س ⑩ اگر کھیتی کو معین نہیں کیا کہ کون سی کھیتی لگاؤں گا تو اس صورت میں زمین کا عقد صحیح ہے یا نہیں؟
ج زمین کا عقد اس وقت صحیح ہے جب یہ بات بیان کر دی ہو کہ اس زمین میں یہ کھیتی باڑی کروں گا۔

Date: Day:

س (11) اگر کسی نے میدان کو لیا تاکہ اس میں عمارت بنائے گا یا اس میں کھجور کے درخت لگائے گا تو اس شرط پر میدان لینا جائز ہے یا نہیں؟

ج: جی ہاں اس شرط پر میدان کو خریدنا جائز ہے کہ میں اس میں عمارت بناؤں گا یا اس میں کھجور کا درخت لگاؤں گا۔

س (12) مذکورہ بالا مسئلے میں میدان کو کرائے پر لینے کا بیان ہے تو اب اگر کسی نے میدان میں عمارت بنالی یا کھجور کے درخت لگا دیے پھر جب کرائے کی مدت مکمل ہو جائے گی تو کیا میدان کو عمارت سمیت واپس لوٹایا جائے گا یا کھجور کے درخت سمیت میدان کو واپس لوٹایا جائے گا؟

ج: جب اس کرائے والے میدان کی مدت مکمل ہو جائے گی تو پھر اس مستأجر کو چاہیے کہ وہ ان درختوں کو اکھیڑے یا عمارت بنائی ہے تو اس کو بھی اکھیڑے اور اس کا ملبہ اٹھا کر میدان سارا خالی کر کے اس موجر کو دے دے۔

س (13) کیا سواری کو کرائے پر لینا جائز ہے یا نہیں؟

ج: سواری کو کرائے پر لینا جائز ہے۔

س (14) کرائے والی سواری پر کون کون سوار ہو سکتا ہے؟

ج: اگر کرائے والی سواری کو مطلق رکھا تو پھر اس مستأجر کے لیے جائز ہے کہ جس مرضی کو سواری پر بٹھائے۔

س (15) کیا زمین مستعمل کے بدلنے کے ساتھ بدلتی ہے؟

ج: زمین مستعمل کے بدلنے کے ساتھ بدلتی نہیں۔

س (16) اگر گھر اس شرط پر کرائے پر لیا کہ اس گھر میں معین شخص رہے گا تو کیا اس معین شخص کے علاوہ کسی اور کے لیے جائز ہے کہ اس گھر میں رہے یا نہیں؟

ج: معین شخص کے علاوہ کسی شخص کے لیے جائز نہیں ہے۔

س (17) اگر مستأجر نے سواری کو کرائے پر اس شرط پر لیا کہ میں اس سواری پر پانچ قفیز گندم لادوں گا تو کیا اس پانچ قفیز گندم کے وزن کے مثل کوئی اور چیز کو لاد سکتا ہے یا نہیں؟

ج: اگر مستأجر نے سواری کو کرائے پر لیا اس شرط پر کہ میں اس سواری پر پانچ گندم

CamScanner

Date:________ Day:________

کے قفیز اٹھاؤں گا تو اس شخص کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ ان پانچ قفیز گندم کی مثل کوئی اور چیز کو اس سواری پر اٹھا لے۔

س 18: اگر مستأجر نے سواری کو اس شرط پر کرائے پر لیا کہ اس پر روئی اٹھائے گا تو اب اس مستأجر کے لیے اس روئی کی مثل لوہا اٹھانا جائز ہے یا نہیں؟

ج: اگر مستأجر نے سواری کو اس شرط پر لیا کہ اس پر روئی اٹھائے گا تو اب اس مستأجر کے لیے جائز نہیں کہ اس روئی کی مثل لوہا اس سواری پر اٹھائے۔

س 19: اگر مستأجر نے سواری کو اس وجہ سے کرائے پر لیا تھا کہ اس پر سوار ہوگا تو اب اس نے ساتھ اپنے ساتھی کو سوار کر لیا تو اب اگر اس مستأجر کے ساتھی کی وجہ سے سواری ہلاک ہوگئی تو مستأجر کتنی قیمت کا ضامن ہوگا؟

ج: تو اگر اس مستأجر کے دوست کی وجہ سے سواری ہلاک ہوئی تو پھر مستأجر سواری کی نصف قیمت کا ضامن ہوگا

س 20: اگر مستأجر نے معین گندم کو لادنے کی شرط پر سواری کو کرائے پر لیا تو اب اگر مستأجر نے اس معین گندم سے زیادہ وزن اس سواری پر اٹھایا جس کی وجہ سے سواری ہلاک ہوگی تو اب اس پر کتنی قیمت لازم ہوگی؟

ج: اگر مستأجر کے معین گندم سے زیادہ گندم اٹھانے کی وجہ سے سواری ہلاک ہوگئی تو پھر مستأجر نے جو معین گندم سے زیادہ گندم اٹھائی تھی اس کی مقدار اس مستأجر کو رقم یا گندم دینی ہوگی

س 21: اگر مستأجر نے سواری کو اس شرط پر لیا کہ اس پر سوار ہوگا لیکن اس نے اپنے دوست کو بھی سوار کر لیا اور اس کی وجہ سے سواری ہلاک ہوگی تو اب سواری کے ہلاک ہونے کی کتنی صورتیں ہیں اور وہ مستأجر دونوں صورتوں میں کتنی کتنی قیمت کا ضامن ہوگا؟

ج: اگر مستأجر نے خود سوار ہونے کے لیے سواری کو کرائے پر لیا لیکن پھر اس نے اپنے ساتھ دوست کو بھی سوار کر لیا تو اب اگر سواری اس مستأجر کے دوست کو اٹھانے کی طاقت رکھتی ہے تو پھر وہ دوسرا شخص سوار ہوا پھر اس کی وجہ سے سواری ہلاک ہوگئی تو اب مستأ نصف قیمت کے ساتھ اس سواری کا ضامن ہوگا

CamScanner

Date: Day:

لیکن اگر اس دوسرے شخص کو سواری کی اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتی پھر بھی وہ دوسرا شخص اس سواری پر سوار ہو گیا تو اب اس دوسرے شخص کی وجہ سے سواری ہلاک ہوگئی تو اس صورت میں مستاجر اس سواری کی پوری قیمت موجر کو دے گا۔

س (22) اگر مستاجر نے کرائے پر لی ہوئی سواری کو لگام کے ساتھ زور سے کھینچا یا اس کو مارا جس کی وجہ سے وہ سواری ہلاک ہوگئی تو اس صورت میں مستاجر کے لیے امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک کیا حکم ہے؟

ج: اگر مستاجر نے کرائے پر لی ہوئی سواری کو لگام کے ساتھ زور سے کھینچا یا اس کو مارا جس کی وجہ سے وہ سواری ہلاک ہوگئی تو اس صورت میں امام صاحب کے نزدیک وہ مستاجر اس سواری کا ضامن ہوگا اور صاحبین کے نزدیک ضامن نہیں ہوگا

س (23) امام صاحب کے نزدیک سواری کو کتنی دیر تک مارنے کی اجازت ہے؟

ج: امام صاحب کے نزدیک سواری کو اتنی دیر تک مارنے کی اجازت ہے جب تک سواری کے ہلاک ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔

س (24) اجیر کی کتنی اور کون کونسی سے قسمیں ہیں؟

ج: اجیر کی دو قسمیں ہیں

① اجیر مشترک ② اجیر خاص

س (25) اجیر مشترک کی تعریف لکھیں؟ اور حکم بیان کریں؟

ج: وہ شخص جو اجرت کا مستحق نہیں ہوتا یہاں تک کہ عمل کر لے جب بندہ کام کر لے اس وقت اجرت کا مستحق ہوتا ہے اور اگر کام نہ کرے تو اجرت کا بھی مستحق نہیں ہوتا

س (26) مسئلہ اجیر مشترک کے پاس جو مال ہوتا ہے وہ کیا ہوتا ہے اور اگر وہ ہلاک ہو جائے تو کیا وہ ضامن ہوگا اس مسئلے کے بارے میں صاحبین اور امام صاحب کا موقف بیان کریں؟

ج: اجیر مشترک کے پاس جو مال ہوتا ہے وہ امانت ہوتا ہے لیکن اگر وہ مال ہلاک

Date:______ Day:______

ہو جائے تو پھر وہ اجیر مشترک امام صاحب کے نزدیک اس چیز کا
ضامن نہیں ہوگا اور صاحبین کے نزدیک وہ ضامن ہوگا۔

س (27) اگر مستاجر کے عمل سے کوئی شے ہلاک ہوگئی تو اس کا ضامن ہوگا یا نہیں
ج اگر مستاجر کے عمل سے کوئی شے ہلاک ہوگئی تو مستاجر اس شے کا ضامن ہوگا
جو شے ہلاک کی تھی۔

س (28) اگر مستاجر کے عمل سے کشتی ہلاک ہوگئی تو کیا جو لوگ کشتی میں بیٹھے ہیں
وہ مستاجر ان کا ضامن ہوگا یا کشتی کا ضامن ہوگا یا ان دونوں کا ضامن ہوگا؟
ج اگر مستاجر کے عمل سے کشتی ہلاک ہوگئی تو مستاجر صرف اور صرف کشتی کا ضامن
ہوگا اور جو لوگ کشتی کے اندر تھے ان کا ضامن نہیں ہوگا۔

س (29) اگر استاد نے بچے کے ولی کی اجازت کے بغیر بچے کو مارا تو کیا وہ استاد
ضامن ہوگا؟
ج اگر استاد نے بچے کو اس کے ولی کی اجازت کے بغیر بچے کو مارا تو پھر وہ
استاد بھی ضامن ہوگا۔

س (30) اجیر خاص کی تعریف کریں اور حکم بیان کریں؟
ج جو شخص اپنے آپ کو مدت میں سپرد کر دینے سے اجرت کا مستحق ہو
وہ اجیر خاص کہلاتا ہے اگر مستاجر کے عمل سے وہ شے ہلاک ہوگئی تو اجیر خاص
میں مستاجر ضامن نہیں ہوگا۔

س (31) جن شرائط کے ساتھ بیع فاسد ہو جاتی ہے کیا ان شرائط کے ساتھ اجارہ
بھی فاسد ہو جاتا ہے یا نہیں؟
ج جن شرائط کے ساتھ بیع فاسد ہوتی ہے ان شرائط کے ساتھ اجارہ بھی فاسد ہو جاتا
ہے۔

س (32) جس شخص نے غلام کو خدمت کے لیے کرائے پر لیا تو کیا وہ شخص اس غلام کو
اپنے ساتھ سفر کروا سکتا ہے یا نہیں؟
ج جس شخص نے خدمت کے لیے کرائے پر لیا غلام کو تو وہ اس کو اپنے ساتھ سفر نہیں کروا سکتا۔

Date:________ Day:________

س (33) اگر کسی شخص نے اونٹ کو اس لیے کرائے پر لیا تاکہ اس پر معین مقدار کھانے گا تو اب اس نے اتنی معین مقدار کھانے کو لاد لیا تو اب جب وہ مستأجر راستے میں پہنچ تو اس نے اس کھانے سے کچھ کھا لیا تو اس مستأجر کے لیے اب کیا حکم ہے؟

ج۔ اور اگر اس مستأجر نے اس کھانے میں سے کچھ کھا لیا تو اب اس مستأجر پر ضروری ہے کہ جتنی مقدار اس نے کھائی ہے اتنی مقدار کھانے کو واپس بھی رکھ دے۔

س (34) تعجیل کی شرط لگانے سے کیا مراد ہے؟

ج۔ اگر کسی نے یہ شرط لگائی کہ میں اجرت کام سے پہلے لوں گا تو اس شرط کو "تعجیل کی شرط" کہتے ہیں۔

س (35) جس شخص نے گھر کو کرائے پر لیا تو اب اس موجر کے لیے کیا حکم ہے کہ وہ کیا کرے؟

ج۔ جس شخص نے گھر کو کرائے پر لیا تو اب موجر کے لیے جائز ہے کہ ہر دن مستأجر سے اجرت کا مطالبہ کرے۔

س (36) اگر مستأجر نے اونٹ کو کرائے پر لیا تاکہ اس کو مکہ تک لے کر جائے گا تو اب اس موجر کے لیے کیا حکم ہے، وہ کیا کرے؟

ج۔ اگر مستأجر نے اونٹ کو کرائے پر لیا تھا کہ مکہ تک جائے گا تو اب موجر کو چاہیے جتنی مرتبہ وہ مستأجر مکہ کا چکر لگائے گا اتنی مرتبہ اس سے اجرت کا مطالبہ کرے۔

س (37) دھوبی اور کپڑا سینے والے کے لیے کام سے پہلے اجرت لینا کس صورت میں جائز ہے اور کس صورت میں جائز نہیں ہے؟

ج۔ دھوبی اور کپڑا سینے والے کے لیے کام سے پہلے اجرت لینا جائز نہیں ہے لیکن اگر ان دونوں نے تعجیل کی شرط لگا دی پھر ان کے لیے کام سے پہلے اجرت لینا درست ہے۔

Date: ______ Day: ______

س (38) اگر کسی شخص نے روٹی پکانے والے کو اس شرط پر رکھا کہ تم کو میں ایک
روٹی پکانے کے بدلے ایک درہم دے دوں گا تو اب وہ روٹیاں پکانے
والا کس صورت میں اجرت کا مستحق ہوگا ؟

ج اگر کسی شخص نے روٹیاں پکانے والے کو اس شرط پر رکھا کہ تم کو میں ایک روٹی
پکانے کے بدلے ایک درہم دوں گا تو اب روٹیاں پکانے والے کو چاہیے کہ وہ روٹیاں
پکا کر تنور سے باہر نکال کر دے پھر اس صورت میں وہ اجرت کا مستحق ہوگا۔

س (39) جس نے باورچی کو کرائے پر رکھا تاکہ وہ کھانا پکا کر دے تو اب اس
باورچی کے لیے کیا حکم ہے ؟

ج جس نے باورچی کو کرائے پر رکھا تاکہ وہ کھانا پکا کر دے تو اب اس باورچی کے لیے
ضروری ہے کہ وہ کھانا پکا کر برتن میں ڈال کر دے

س (40) جس شخص نے کسی شخص کو اجرت پر رکھا تاکہ وہ اینٹیں بنائیں تو اب
امام صاحب اور صاحبین کے نزدیک اس اینٹ بنانے والے کے لیے کیا حکم ہے ؟

ج جس شخص نے کسی شخص کو اجرت پر رکھا تاکہ وہ اینٹیں بنائیں تو اب امام صاحب
کے نزدیک اینٹیں بنانے والا اجرت کا اس وقت مستحق ہوگا جب وہ اینٹیں کھڑی کر دے
اور صاحبین کے نزدیک وہ شخص اجرت کا اس وقت مستحق ہوگا جب وہ اینٹوں کی قطار لگا دے

س (41) جب کوئی شخص درزی کو کہے کہ اگر تم نے کپڑے کو فارسی سٹائل پر سلائی کرے گا
تو تمہارے لیے ایک درہم ہے تو اب وہ درزی اجرت کا کب مستحق ہوگا۔

ج جب کوئی شخص درزی کو کہے کہ اگر تم نے کپڑے کو فارسی سٹائل پر سلائی کرے گا تو
تمہارے لیے ایک درہم ہے تو اب جب درزی عمل کرے گا اس وقت اجرت کا مستحق ہوگا۔

س (42) اگر کسی شخص نے درزی سے کہا کہ اگر تم آج کے دن یہ کپڑا سلائی
کر دو گے تو تمہارے لیے ایک درہم ہے اور اگر تم کل کپڑے سلائی کر کے دو گے
تو تمہارے لیے نصف درہم ہے تو اب امام صاحب اور صاحبین کے نزدیک
اس مسئلے کے بارے میں کیا حکم ہے۔

ج اگر اس درزی نے کل کے دن کپڑے سلائی کر کے دیے تو امام اعظم کے نزدیک

اس کے لیے اجرت مثل ہوگی اور صاحبین فرماتے ہیں کہ دونوں شرطیں جائز ہیں

س (43) ایک آدمی نے دکان کرایہ پر دی اور کہا کہ اگر تم اس میں عطر فروش کو رکھو گے تو تمہارے لیے ایک درہم ہے اور اگر تم اس میں لوہاری کا کام کرو گے تو تمہارے لیے دو درہم ہیں تو اب امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک کیا دونوں اجارے درست ہیں یا نہیں؟

ج امام صاحب کے نزدیک یہ دونوں اجارے درست ہیں اور صاحبین فرماتے ہیں کہ اجارہ فاسد ہے۔

س (44) اگر کسی نے گھر لیا اس شرط پر کہ ہر ماہ ایک درہم دے گا تو اب یہ عقد صحیح ہے یا نہیں

ج اگر کسی نے گھر لیا اس شرط پر کہ ہر ماہ ایک درہم دے گا تو اب یہ عقد صرف پہلے ماہ میں صحیح ہوگا اور باقی میں صحیح نہیں ہوگا۔

س (45) اگر مستاجر ایک ماہ رہنے کے بعد دوسرے ماہ میں ایک گھڑی ٹھہرا تو کیا یہ عقد صحیح ہو جائے گا یا نہیں تو اس مسئلہ میں موجر کے لیے کون سی چیزیں جائز نہیں؟

ج اگر مستاجر دوسرے میں ایک گھڑی ٹھہرا تو پھر یہ عقد صحیح ہو جائے گا تو اب موجر کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اجرت لیا ہوا مہینہ گزرنے سے پہلے نکالے

س (46) جب مستاجر نے ایک ماہ کے لیے مکان کو لیا تو اس میں دو ماہ ٹھہرا تو کیا اس پر دونوں ماہ کا کرایہ ہوگا یا ایک کا؟

ج جب مستاجر نے ایک ماہ کے لیے مکان کو کرائے پر لیا لیکن اس مکان میں دو ماہ رہا تو پھر اس صورت میں مستاجر پر صرف پہلے مہینے کا کرایہ ہوگا نہ کہ دوسرے مہینے کا

س (47) اگر کسی نے سال بھر کے لیے مکان کو 10 درہم کے بدلے کرائے پر لیا تو اب اگر اس نے یہ نہیں بیان کیا کہ ماہانہ کتنے پیسے ہوں گے تو کیا یہ اجارہ درست ہے؟

ج اگر کسی نے ہر ماہ کی اجرت میں قسط بیان نہیں کی ہو تو پھر بھی اجارہ درست ہے

س (48) کیا حمام کی اور پچھنے لگانے کی اجرت لینا جائز ہے یا نہیں؟

ج: جی ہاں حمام کی اور پچھنے لگانے کی اجرت لینا جائز ہے

س (49) کیا اذان میں اقامت پر اور قرآن کی تعلیم پر اور حج کرنے پر اجرت لینا جائز ہے یا نہیں؟

ج: اذان میں اقامت پر اور قرآن کی تعلیم پر اور حج کرنے پر اجرت لینا جائز نہیں ہے۔

س (50) گانے پر اور نوحہ پر اجرت لینا جائز ہے یا ناجائز ہے؟

ج: گانے اور نوحہ پر اجرت لینا جائز نہیں ہے۔

س (51) کیا مشترک چیز کا اجارہ درست ہے یا نہیں اس مسئلے کے بارے میں امام اعظم اور صاحبین کا موقف بیان کریں؟

ج: امام اعظم کے نزدیک مشترک چیز کا اجارہ درست نہیں ہے اور صاحبین کے نزدیک مشترک چیز کا اجارہ درست ہے۔

س (52) کیا دودھ پلانے والی عورت کو کھانے اور کپڑے کے بدلے اجرت لے تو کیا جائز ہے یا ناجائز ہے؟

ج: دودھ پلانے والی عورت کو کھانے اور کپڑے کے بدلے اجرت لے تو جائز ہے

س (53) دودھ پلانے والی عورت سے اس کے شوہر کو وطی سے روکنا جائز ہے یا ناجائز ہے

ج: دودھ پلانے والی عورت سے اس کے شوہر کو وطی سے روکنا جائز نہیں

س (54) اگر اس دودھ پلانے والی عورت نے اجارہ کی مدت میں بچے کو بکری کا دودھ پلایا تو کیا اس کے لیے اجرت ہوگی یا نہیں

ج: اگر اس دودھ پلانے والی عورت نے اجارے کی مدت میں بچے کو بکری کا دودھ پلایا تو پھر وہ عورت اجرت کی مستحق نہیں ہوگی

س (55) اگر کاریگر پر یہ شرط لگائی کہ کام تو نے کرنا ہے کسی اور نے نہیں کرنا تو اب اس کاریگر کے لیے کیا حکم ہے

ج: اب کاریگر کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے علاوہ کسی اور کو کام دے۔

Date: Day:

س (۸۶) اور جس شخص کے عمل کا اثر شے میں ظاہر ہو تو کیا وہ حق کو اجرت کے لیے روک سکتا ہے؟

ج جس شخص کے عمل کا اثر شے میں ظاہر ہو تو وہ حق کو اجرت کے لیے روک سکتا ہے

س (۸۷) اگر کپڑے والا کہے کہ تو نے میرے لیے بغیر اجرت کے کپڑا سلائی کیا ہے اور کاریگر کہے کہ میں نے صفت کپڑا سلائی نہیں کیا تو اب امام صاحب اور امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک کس کا قول معتبر ہوگا؟

ج امام صاحب کے نزدیک کپڑے والے کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا اور امام ابو یوسف فرماتے ہیں اگر اس کا پیشہ یہی ہو تو اس کے لیے اجرت ہوگی ورنہ نہیں اور امام محمد فرماتے ہیں اگر کاریگر اس کام کو اجرت کے ساتھ کرنے میں مشہور ہو تو اس کی بات مانی جائے گی

س (۸۸) اگر گھر ویران ہو جائے یا کاشت کی زمین کا پانی بند ہو جائے یا پن چکی کا پانی بند ہو جائے تو پھر اجارے کا کیا حکم ہے

ج اگر گھر ویران ہو جائے یا کاشت کی زمین کا پانی بند ہو جائے یا پن چکی کا پانی بند ہو جائے تو اجارہ فسخ ہو جائے گا

س (۸۹) اگر مالک یا کرائے دار میں سے کوئی ایک مر گیا تو اب اجارے کا کیا حکم ہے؟

ج اگر مالک یا کرائے دار میں سے کوئی ایک مر گیا تو اب اجارہ فسخ ہو جائے گا

س (۹۰) کیا اجارے میں خیار شرط صحیح ہے یا نہیں

ج اجارے میں خیار شرط صحیح ہے۔

س (۹۱) کیا عذروں کی وجہ سے اجارہ فسخ ہو جاتا ہے یا نہیں

ج عذروں کی وجہ سے اجارہ فسخ ہو جاتا ہے

س (۹۲) اگر سفر سے کرائے پر دینے والے کا ارادہ ملتوی ہو جائے تو کیا اجارے کا حکم ہے؟

ج اگر کرائے پر دینے والے کا سفر سے ارادہ ملتوی ہو جائے تو پھر اجارہ فسخ نہیں ہوگا کیوں کہ یہ عذر نہیں ہے۔

Date: ____ Day: ____

# کتاب الشفعة

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① الشفعة کا لغوی معنی لکھیں؟

ج شفعہ کا لغوی معنی ایک شے کو دوسری شے کے ساتھ ملانا

س ② شفعہ کی اصطلاحی تعریف

ج شفیع کو مبیع کا مالک بنانا عوض کے ساتھ "شفعہ کہلاتا ہے" اور یہ اصطلاحی تعریف ہے

س ③ شفعہ کن کن کے لیے ثابت ہے بیان کریں؟

ج شفعہ نفس مبیع میں شریک کے لیے اور حق مبیع شریک کے لیے ثابت ہے

س ④ شفعہ کی ترتیب بیان کریں کہ پہلے کس کا حق ہے پھر کس کا حق ہے؟

ج سب سے پہلے مبیع میں شریک کو شفعہ کا حق ہے اور اگر وہ شفعہ نہ کرے تو پھر حق مبیع میں شریک کے لیے شفعہ ہے اگر یہ بھی نہ کرے تو پھر پڑوسی کو حق شفعہ ہے

س ⑤ شفعہ کس صورت میں ثابت ہوتا ہے اور شفعہ پختہ کن چیزوں کے ساتھ ہو سکتا ہے؟

ج شفعہ عقد بیع کے بعد ثابت ہوتا ہے اور شفعہ گواہ بنانے سے پختہ ہوتا ہے

س ⑥ طلب کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہوتی ہیں

ج طلب کی تین قسمیں ہیں

① طلب مواثبت ② طلب اشہاد ③ طلب خصومت

س ⑦ کیا شفعہ تاخیر کی وجہ سے ساقط ہو جاتا ہے یا نہیں" اس مسئلہ میں ائمہ کرام کا موقف بیان کریں

ج امام اعظم کے نزدیک تاخیر سے شفعہ ساقط نہیں ہوتا اور امام محمد فرماتے ہیں کہ اگر شفیع نے گواہ بنانے کے بعد ایک ماہ تک بغیر عذر کے شفعہ کو ترک کر دیا تو شفعہ باطل ہو جاتا ہے

CamScanner

Date: Day:

س ⑧ کیا زمین میں شفعہ ثابت ہے؟

ج: زمین میں شفعہ ثابت ہے اگرچہ وہ ایسی زمین ہو جو تقسیم نہ ہوسکتی ہو

س ⑨ کن چیزوں میں شفعہ نہیں کر سکتے؟

ج: جب عمارت اور باغ بغیر صحن کے فروخت ہو تو اس وقت ان میں شفعہ نہیں ہوتا ہے۔

س ⑩ کیا کشتیوں میں اور سامان میں شفعہ ہے؟

ج: جی ہاں کشتیوں میں اور سامان میں شفعہ نہیں ہے

س ⑪ کیا مسلمان اور ذمی برابر ہیں؟

ج: جی ہاں مسلمان اور ذمی برابر ہیں۔

س ⑬ اگر مشتری نے ایسی چیز کے بدلے زمین لی کہ جو چیز شفیع بھی دے سکتا ہے تو کیا اس میں حق ثابت ہوگا؟

ج: اگر مشتری نے ایسی چیز کے بدلے زمین لی کہ جو چیز شفیع بھی دے سکتا ہے تو اب شفعہ ثابت ہوگا

س ⑭ کن کن گھروں میں شفعہ نہیں کر سکتے؟ ان میں سے چند وجہیں بیان کریں۔

ج: مہر میں دیے ہوئے گھر میں بھی شفعہ نہیں ہوسکتا۔ اگر کسی عورت نے خلع کے بدلے میں اپنے شوہر کو گھر دیا اس میں بھی شفعہ ثابت نہیں۔

س ⑮ اگر کسی شخص نے اقرار کے ساتھ گھر کے بدلے میں صلح کی تو کیا اس میں شفعہ ثابت ہوگا یا نہیں؟

ج: اگر کسی شخص نے اقرار کے ساتھ گھر کے بدلے میں صلح کی تو اس میں شفعہ ثابت ہوگا

س ⑯ جب قاضی شفعہ کا فیصلہ کر دے تو کیا اس پر اس چیز کی قیمت لازم ہوگی یا نہیں؟

ج: جی ہاں شفیع پر اس چیز کی قیمت کو حاضر کرنا لازم ہے۔

CamScanner

س (17) کیا خیار عیب اور خیار رؤیت کی وجہ سے شفیع گھر کو واپس کر سکتا ہے

ج جی ہاں شفیع کے لیے خیار عیب یا خیار رؤیت کی وجہ سے مکان کو واپس کرنا جائز ہے

س (18) جب مبیع پر مشتری کا قبضہ نہیں ہوا ابھی تک بائع کے قبضہ میں ہے تو اب شفیع کے لیے کیا حکم ہے بیان کریں؟

ج تو شفیع کے لیے جائز ہے کہ بائع سے مخاصمت کرے اور اسی کو قاضی کے سامنے حاضر کر دے

س (19) اگر شفیع کو بیع کا علم ہو جائے تو پھر بھی وہ گواہ بنانا چھوڑ دے قدرت رکھنے کے باوجود تو پھر شفعہ کا کیا حکم ہے؟

ج اگر شفیع کو بیع کا علم ہونے کے باوجود بھی شفیع گواہ بنانا چھوڑ دے قدرت رکھنے کے باوجود تو اس صورت میں شفعہ باطل ہو جائے گا

س (20) اگر شفیع نے مجلس علم میں گواہ قائم کیے لیکن بائع اور مشتری اور زمین ان تینوں کے پاس گواہ قائم نہ کیے تو کیا شفعہ ثابت ہو جائے گا؟

ج اگر شفیع نے مجلس علم میں تو گواہ قائم کیے لیکن بائع اور مشتری اور زمین ان تینوں کے پاس گواہ قائم نہ کیا تو پھر شفعہ باطل ہو جائے گا

س (21) اگر کسی شخص کو شفعہ کا حق حاصل تھا لیکن اس نے شفعہ کے بجائے مشتری سے مصالحت کی تو کیا اس صورت میں شفعہ ثابت ہوگا یا نہیں؟

ج اگر کسی شخص کو شفعہ کا حق حاصل تھا لیکن اس نے شفعہ کے بجائے مشتری سے مصالحت کی تو اس صورت میں شفیع باطل ہو جائے گا

س (22) کیا اگر مشتری مر جائے تو کیا شفعہ ساقط ہو جائے گا یا نہیں؟

ج اگر مشتری مر جائے تو شفیع ساقط نہیں ہوگا

س (23) اور اگر بائع نے اپنی زمین بیچنے کا کسی شخص کو وکیل بنایا اور جس کو وکیل بنایا تھا وہی شخص شفیع بھی تھا تو کیا اس پر شفیع ہوگا یا نہیں

ج جی نہیں وہ شخص شفیع حق دار نہیں ہو سکتا۔

CS CamScanner

Date: Day:

س (24) اگر شفیع مرجائے تو کیا شفعہ باطل ہو جاتا ہے؟

ج اگر شفیع مرجائے تو شفعہ باطل ہو جائے گا۔

س (25) اگر مشتری کے وکیل نے کوئی مکان خریدا اور وہ خود ہی شفیع ہے تو کیا اس کے لیے شفعہ ہوگا یا نہیں؟

ج اگر مشتری کے وکیل نے کوئی مکان خریدا اور وہ خود ہی شفیع ہے تو اس کے لیے شفعہ ہوگا

س (26) اگر کسی شخص نے مکان کو خیار شرط کے ساتھ بیچا تو کیا اس مکان میں شفعہ ہوگا یا نہیں؟

ج اگر کسی شخص نے مکان کو خیار شرط کے ساتھ بیچا تو اس مکان میں شفیع کے لیے شفعہ نہیں ہوگا

س (27) اگر مشتری کسی مکان کو خیار شرط کے ساتھ خریدے تو اب شفعہ کا کیا حکم ہے؟

ج اگر مشتری نے کسی مکان کو خیار شرط کے ساتھ خریدا تو اس مکان میں شفیع کے لیے شفعہ واجب ہے۔

س (28) اگر کسی نے گھر کو فاسد شرط کے ساتھ خریدا جس کی وجہ سے بیع بھی فاسد ہو گئی تو کیا اس مکان میں شفیع کے لیے شفعہ ہوگا یا نہیں؟

ج اگر کسی نے گھر کو فاسد شرط کے ساتھ خریدا اس فاسد شرط کی وجہ سے بیع بھی فاسد ہوگی تو اب اس مکان میں شفیع کے لیے شفعہ نہیں ہوگا

س (29) اگر کسی گھر کو ذمی کافر نے خریدا شراب اور خنزیر کے بدلے تو اب اس گھر کا شفیع بھی ذمی کافر نکل آیا تو اب اس کے لیے کیا حکم ہے

ج اگر کسی گھر کو ذمی کافر نے خریدا شراب اور خنزیر کے بدلے تو اب اس گھر کا شفیع بھی ذمی کافر نکل آیا تو شفیع اس گھر کو لے گا خمر کی مثل اور خنزیر کی قیمت کے بدلے

س (30) اگر گھر کا شفیع مسلمان ہو اور گھر والا ذمی کافر ہو تو اب شفعہ کا کیا حکم ہے؟

ج اگر گھر والا ذمی کافر ہو اور اس کے گھر کا شفیع مسلمان ہو تو وہ مسلمان

Date:________ Day:________

شراب اور خنزیر کی قیمت دینے کے بدلے اس گھر کو لے گا

س (31) کیا ہبہ میں شفعہ ہے؟

ج ہبہ میں شفعہ نہیں ہے

س (32) اگر شفیع اور مشتری ثمن میں اختلاف کریں اب ان دونوں میں سے کس کا قول معتبر ہوگا اور امام ابو یوسف اور طرفین کا اس مسئلے کے بارے میں موقف لکھیں؟

ج

س (33) اگر مشتری زیادہ ثمن کا دعویٰ کرے اور بائع کم قیمت کا دعویٰ کرے تو اب شفیع کو کس کے دعوے کے مطابق قیمت دینی ہوگی؟ ابھی بائع نے ثمن پر قبضہ بھی نہیں کیا

ج اگر مشتری زیادہ ثمن کا دعویٰ کرے اور بائع کم قیمت کا دعویٰ کرے تو اس حال میں کہ بائع نے ثمن پر قبضہ بھی نہیں کیا تو اب شفیع اتنی رقم ادا کرے گا جو بائع کہے گا

س (34) اگر بائع کم قیمت بتائے اور مشتری ثمن زیادہ بتائے تو اس صورت میں بائع نے ثمن پر قبضہ بھی کر لیا ہے تو اب کس کے قول کو ترجیح دی جائے گی؟

ج اس حال میں کہ بائع نے ثمن پر قبضہ بھی نہیں کیا تو اب مشتری کے قول کو ترجیح دی جائے گی

س (35) اگر بائع نے مشتری سے کچھ قیمت کم کر دی تو کیا شفیع کے حق میں بھی کم ہوگی؟

ج اگر بائع نے مشتری سے بعض ثمن کو کم کر دیا تو جتنے ثمن بائع نے مشتری سے کم کیے تھے اتنے ہی ثمن شفیع سے بھی کم ہو جائیں گے۔

س (36) اگر بائع مشتری سے تمام کے تمام معاف فرما دے تو اب کیا اس شفیع سے سارے کے سارے ثمن کم ہو جائیں گے یا چند ثمن کم ہوں گے

ج اگر بائع مشتری سے تمام ثمن کو ساقط کر دے تو پھر وہ ثمن شفیع سے کم نہیں ہوں گے۔

Date:________ Day:________

س (37) اگر مشتری نے بائع کے لیے ثمن میں اضافہ کر دیا تو کیا شفیع کے حق میں بھی زیادتی ہو گی؟

ج اگر مشتری نے بائع کے لیے ثمن میں اضافہ کر دیا تو اس شفیع کے حق میں زیادتی نہیں ہو گی

س (38) اگر کسی نے سامان کے بدلے گھر کو خریدا تو اب شفیع سامان کے بدلے یا قیمت کے بدلے اس گھر کو لے لے؟

ج اگر کسی نے سامان کے بدلے میں گھر کو خریدا تو اب شفیع اس سامان کے بدلے قیمت دے کر اس گھر کو لے گا

س (39) اگر کئی شفیع جمع ہو جائے تو اب شفعہ کا کیا حکم ہے؟

ج اگر کئی شفیع جمع ہو جائیں تو پھر وہ شفعہ ان کے درمیان ان کے حصے کی تعداد پر ہو گا

س (40) اگر کسی شخص نے مکیلی یا موزونی چیز کے بدلے مکان کو خریدا تو اب شفیع کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر کسی شخص نے مکیلی یا موزونی چیز کے بدلے مکان کو خریدا تو اب شفیع کے لیے یہ ہے کہ وہ ان کی مثل کے بدلے میں مکان کو خریدے۔

س (41) اگر کسی نے زمین کے بدلے زمین کو فروخت کیا تو اب شفیع کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر کسی نے زمین کے بدلے میں زمین کو فروخت کیا تو اب شفیع ان دونوں میں سے ہر ایک کی قیمت سے دوسری کو لے گا۔

س (42) اگر شفیع کو کہا کہ فلاں شخص خریدار ہے تو شفیع نے شفعہ کو چھوڑ دیا لیکن بعد میں کہا کہ فلاں نہیں بلکہ وہ خریدار ہے تو کیا اب شفیع کے لیے شفیع ہے؟

ج اگر شفیع کو کہا کہ فلاں شخص خریدار ہے تو شفیع نے شفعہ کو چھوڑ دیا لیکن بعد میں اسے کہا کہ اس کے علاوہ کوئی اور شخص خریدار ہے تو اب اس شفیع کے لیے چھوڑنا باطل ہو جائے گا اور شفعہ ثابت ہو جائے گا

Date:______ Day:______

س (43) جس شخص نے مکان کسی دوسرے کے لیے خریدا تو اب شفیع دونوں سے مطالبہ کرے گا شفعہ کا یا ایک سے؟

ج: جس شخص نے مکان کسی دوسرے کے لیے خریدا تو اب شفیع کو چاہیے کہ جو شخص وکیل بنا ہے اس سے شفعہ کا مطالبہ کرے

س (44) اگر کسی شخص نے گھر کو ثمن کے بدلے میں خریدا پھر اس کو کسی کپڑے دے جن کی قیمت اس ثمن تک پہنچتی ہے جتنے ثمن سے اس نے گھر کو خریدا ہے تو اب کیا شفیع جب اس گھر میں شفعہ کرے گا تو کیا کپڑوں کے بدلے یا ~~[illegible]~~ قیمت کے بدلے کرے گا؟

ج: اب جب شفیع شفعہ کرے گا تو کپڑوں کے بدلے نہیں بلکہ ثمن کے بدلے شفعہ کرے گا۔

س (45) کیا شفعہ کو ساقط کرنے میں حیلہ کرنا مکروہ ہے یا نہیں اس مسئلے کے بارے میں ائمہ اکرام کا موقف بیان کریں؟

ج: امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ شفعہ کو ساقط کرنے کے لیے حیلہ کرنا مکروہ نہیں ہے اور امام محمد فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے

س (46) اور جب مشتری نے مکان بنالیا یا پودا لگالیا پھر فیصلہ شفیع کے لیے شفعہ کا ہو گیا تو اب شفیع کے لیے کیا حکم ہے؟

ج: اور جب مشتری نے مکان بنالیا یا پودا لگالیا تو بعد میں فیصلہ شفیع کے لیے شفعہ کا ہو گیا تو اب شفیع کو اختیار ہے اگر چاہے تو شفیع زمین کی قیمت دے گا اور ٹوٹے ہوئے مکان اور کٹے باغ کی قیمت دے کر زمین مکان اور باغ کے لیے ہو گا اور اگر چاہے تو مشتری کو مکان اور درخت اکھاڑنے پر مجبور کرے۔

س (47) تو اگر شفیع نے ~~[illegible]~~ زمین میں مکان بھی بنالیا اور درخت بھی لگا لیے پھر کوئی شخص اس جگہ کا مستحق نکل آیا تو اب شفیع کیا کرے اس کے لیے کیا حکم ہے؟

ج: اگر اب شفیع کو کہا جائے گا کہ اپنی عمارت اور درخت اکھاڑ کر لے جا اس شفیع کا جو نقصان عمارت میں ہوگا اس کی رقم نہیں دی جائے گی بلکہ وہ رقم صرف دی جائے گی جو اس نے مشتری کو زمین کی دی تھی

Date:________ Day:________

س (48) اگر مشتری نے کوئی گھر خریدا پھر وہ گھر گھس گیا یا جل گیا تو اب شفیع کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر مشتری نے کوئی گھر خریدا پھر وہ گھر بغیر کسی کے فعل کے جل گیا یا گر گیا تو اب شفیع کے لیے اختیار ہے اگر چاہے تو پوری قیمت کے ساتھ اس گھر کو لے لے اور اگر چاہے تو اس کو چھوڑ دے۔

س (49) جو مشتری نے اپنے گھر کو توڑا تو کیا شفیع اس جگہ کے ساتھ اس ٹوٹ پھوٹ کو لے سکتا ہے یا نہیں؟

ج شفیع کے لیے ٹوٹ پھوٹ لینا جائز نہیں ہے۔

س (50) اگر مشتری نے باغ کو خریدا اور اس باغ کے درختوں پر پھل بھی لگا ہے تو شفیع کے لیے کیا حکم ہے کہ وہ درخت کو ہی صرف لے یا اس کے پھل کو بھی؟

ج شفیع کے لیے جائز ہے ان درختوں کو پھلوں سمیت لینا۔

س (51) اگر مشتری نے باغ خریدا اور اس کے درختوں پر پھل بھی لگا ہے تو اب مشتری نے درختوں سے پھل اتار لیے تو اب اس شفیع کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر مشتری نے درختوں سے پھل اتار لیے تو اب شفیع سے اس کے حصے کے مطابق ساقط ہو جائے گا۔

س (52) اور جب شفیع کے حق میں مکان کا فیصلہ ہو جائے لیکن شفیع نے اس مکان کو دیکھا نہیں تھا تو اب اگر اس مکان میں عیب نکل آیا تو اب شفیع کو کیا کرنا چاہیے؟

ج جب شفیع کے حق میں مکان کا فیصلہ ہو جائے اس حال میں کہ شفیع نے اس مکان کو دیکھا بھی نہ ہو تو اب شفیع کے لیے خیار رؤیت ہے لیکن اگر اس مکان میں عیب نکل آیا تو اب شفیع کے لیے حق ہے کہ وہ اس مکان کو عیب کے ساتھ واپس لوٹا دے۔

س (53) جب مشتری نے مکان کو ادھار ثمن کے ساتھ خریدا تو اب شفیع کے لیے کیا حکم ہے کیا اس شفیع کو بھی ادھار کی اجازت ہے؟

Date:________ Day:________

ج اگر مشتری نے گھر کو ادھار ثمن کے ساتھ خریدا تو اب شفیع کو اختیار ہے
اگر چاہے تو نقد رقم دے کر مکان کو لے لے اور اگر چاہے تو صبر کرے
اتنی دیر تک جتنی دیر تک مشتری بائع کو ادھار پیسے نہیں دے دیتا۔

س (۹) اگر شرکاء آپس میں زمین تقسیم کریں تو زمین کو تقسیم کرنے کی وجہ سے
کیا پڑوسی کو حق شفعہ ملے گا یا نہیں؟

ج اگر شرکاء آپس میں زمین تقسیم کریں تو زمین کو تقسیم کرنے کی وجہ سے
پڑوسی کو حق شفعہ نہیں ملے گا۔

س (۱۰) جب مشتری نے گھر کو خریدا تو پھر شفیع نے شفعہ کو بالکل چھوڑ دیا
تو پھر مشتری نے اس گھر کو خیار رؤیۃ یا خیار شرط یا خیار عیب کے
سبب اس گھر کو واپس بائع کو دے دیا قاضی کے فیصلے سے تو اب
شفعہ کا کیا حکم ہے؟

ج جب مشتری نے خیار عیب کے سبب یا خیار رؤیۃ کے سبب یا
خیار شرط کے سبب گھر واپس بائع کو دے دیا قاضی کے فیصلے سے تو اب
شفیع کے لیے شفعہ نہیں ہے۔

## کتاب الشرکۃ

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س ① شرکت کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

ج شرکت کی دو قسمیں ہیں

① شرکۃ املاک ② شرکۃ عقود

س ② شرکت املاک کی تعریف لکھیں؟ اور اس کا حکم بیان کریں

ج شرکت املاک یہ ہے کہ ایک چیز کے دونوں وارث ہوں یا دونوں مل کر ایک
چیز خریدیں "شرکت املاک کا حکم" ان دونوں شریکوں میں سے کسی
ایک کے لیے دوسرے کے مال میں بغیر اجازت کے تصرف کرنا جائز نہیں ہے۔

Date:
Day:

س ③ "شرکۃ" کا لغوی معنی لکھیں؟

ج شرکۃ کا لغوی معنی "شرکت کرنا" ہے

س ④ "شرکۃ" کا اصطلاحی معنی لکھیں؟

ج اصطلاحی تعریف :- شرکۃ ایسا عقد ہے جس کی اصل اور نفع میں دونوں شریک ہوں

س ⑤ شرکۃ العقود کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

ج شرکۃ عقود کی چار قسمیں ہیں

① شرکۃ مفاوضہ ② شرکۃ عنان ③ شرکۃ الصنائع ④ شرکۃ وجوہ

س ⑥ شرکۃ مفاوضہ کی تعریف اور حکم بیان کریں؟

ج شرکۃ مفاوضہ ایسے دو آدمی جو مال میں بھی اور تصرف میں بھی اور مذہب میں بھی شریک ہوں "شرکۃ مفاوضہ کا حکم" جائز ہے۔ ایسے دو آدمیوں میں شرکت جو آزاد ہوں مسلمان ، بالغ اور عاقل ہوں اور شرکۃ مفاوضہ بچے میں مسلمان اور کافر میں جائز نہیں

س ⑦ "شرکۃ مفاوضہ" کن چیزوں پر منعقد ہوتی ہے؟

ج شرکۃ مفاوضہ وکالۃ اور کفالۃ پر منعقد ہوتی ہے۔

س ⑧ تجارت وغیرہ کی وجہ سے دو شریکوں میں سے کسی ایک پر قرض لازم ہو گیا تو کیا دوسرا شریک بھی اس کا ذمہ دار ہوگا یا نہیں؟

ج تجارت وغیرہ کی وجہ سے دو شریکوں میں سے کسی ایک پر قرض لازم ہو گیا تو دوسرا شریک بھی اس کا ذمہ دار ہوگا

س ⑨ ایسی کونسی وجہ ہے جس کی وجہ سے شرکۃ مفاوضہ باطل ہو کر شرکۃ عنان میں تبدیل ہو جائیگی۔

ج اگر ان دونوں شریکوں سے کوئی ایک ایسے مال کا وارث ہوا جس میں شرکت صحیح ہے یا اس کو ہبہ کر دیا گیا اور پہنچ گیا اس کے قبضہ میں تو شرکت مفاوضہ باطل ہو جائے گی اور بدل کر شرکۃ عنان ہو جائے گی

Date:______ Day:______

س (10) کن چیزوں میں شرکۃ مفاوضہ صحیح ہے اور کن میں نہیں صحیح ؟

ج شرکۃ مفاوضہ دراہم، دنانیر اور رائج سکوں کے ساتھ جائز ہے ان کے علاوہ سے شرکۃ مفاوضہ جائز نہیں ہے۔

س (11) اگر کوئی شخص دنانیر و دراہم کے علاوہ کسی اور شئ سے شرکۃ مفاوضہ کرنا چاہتا ہے تو اس کی کونسی صورت بنے گی ؟

ج دنانیر اور دراہم کے علاوہ میں شرکۃ مفاوضہ صحیح نہیں ہے لیکن ایک صورت میں صحیح ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنا آدھا سامان دوسرے کے آدھے سامان کے بدلے بیچے اور پھر برابر برابر درہم یا دینار ملائے اور شرکت کرے تو درست ہے

س (12) شرکت عنان کس کے ساتھ منعقد ہوتی ہے اور کن کے ساتھ نہیں ہوتی ؟

ج شرکت عنان وکالت پر منعقد ہوتی ہے کفالۃ پر منعقد نہیں ہوتی۔

س (13) شرکت عنان میں کیا مال اور نفع کا برابر ہونا درست ہے یا نہیں

ج شرکت عنان میں شرکت مفاوضہ کی طرح مال اور نفع کا برابر ہونا ضروری نہیں ہے

س (14) کیا دونوں شریکوں کا [redacted] اپنے بعض مال کے ساتھ شرکۃ کرنا درست ہے ؟

ج جی ہاں دونوں شریکوں کا اپنے بعض مال کے ساتھ شرکۃ کرنا درست ہے

س (15) شرکت عنان کن چیزوں کے ساتھ صحیح ہے ؟

ج جن چیزوں کے ساتھ شرکت مفاوضہ صحیح ہے انہی چیزوں کے ساتھ شرکت عنان بھی صحیح ہے

س (16) اگر ایک شخص کی طرف سے دنانیر ہوں اور دوسرے شریک کی طرف سے دراھم ہوں تو کیا ان دونوں کا شریک ہونا درست ہے یا نہیں ؟

ج اگر ایک شخص کی طرف سے دنانیر ہوں اور دوسرے شریک کی طرف سے دراھم ہوں تو ان دونوں میں شرکت درست ہے

س (17) اگر شرکۃ کا سارا مال یا کسی ایک کا مال کوئی چیز خریدنے سے پہلے ہلاک ہوگیا تو پھر شرکت کا کیا حکم ہے ؟

ج اس صورت میں شرکۃ باطل ہو جائے گی۔

Date:________ Day:________

س 18) اگر دونوں شریکوں میں سے کسی ایک نے اپنے مال کے ذریعے سے کچھ خرید لیا اور دوسرے شریک نے ابھی کچھ نہیں خریدہ تھا کہ اس کا مال ہلاک ہوگیا تو اب اس شراکت کا اور دوسرے شریک کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج: اگر دونوں شریکوں میں سے کسی ایک نے اپنے مال کے ذریعے سے کچھ خرید لیا اور دوسرے شریک نے ابھی کچھ نہیں خریدہ تھا کہ اس کا مال ہلاک ہوگیا تو اب خریدی ہوئی چیز ان دونوں کے درمیان مشترک ہوگی اور خریدار اپنے شریک سے اس کے حصے کے مطابق قیمت وصول کرے گا

س 19) اگر دونوں نے مال نہ ملایا تو کیا شرکت ٹھیک ہوگی؟

ج: اگر دونوں نے مال نہ ملایا تو شرکت پھر بھی ٹھیک ہے

س 20) اگر دونوں شریکوں میں سے کسی ایک نے اپنے لیے معین درہموں کے نفع کی قید لگادی تو اب شرکت کا کیا حکم ہے؟

ج: اگر دونوں شریکوں میں سے کسی ایک نے اپنے لیے معین درہموں کے نفع کی قید لگادی تو ایسی صورت میں شرکت صحیح نہیں ہوگی

س 21) کیا مفاوضہ اور عنان کے ہر شریک کے لیے بضاعت کے طور پر مال دینا یا مضاربت کے طور پر مال دینا یا ایسے شخص کو وکیل بنانا جو شرکت کے مال میں تصرف کرے یہ جائز ہے یا نہیں؟

ج: شرکت مفاوضہ اور شرکت عنان کے ہر شریک کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنا مال بضاعت کے طور پر دے یا مضاربت کے طور پر دے اور وکیل بنائے ایسے شخص کو جو تصرف کرے

س 22) شریک کے قبضے میں جو مال ہوتا ہے وہ کس حکم میں ہوتا ہے؟

ج: شریک کے قبضے میں جو مال ہوتا ہے وہ امانت کے حکم میں ہوتا ہے

س 23) شرکۃ الصنائع کی تعریف لکھیں؟

ج: شرکۃ الصنائع ایسی شرکت ہے جس میں دو درزی یا رنگریز اس بات پر شریک ہوجائیں کہ دونوں کام لیں گے اور کمائی دونوں کے درمیان تقسیم ہوگی

س 24) اگر دونوں شریکوں میں سے ایک نے کام کیا اور دوسرے نے کام نہ کیا تو اب

Date: ________ Day: ________

جو کمائی ہوگی وہ دونوں کے درمیان تقسیم ہوگی یا صرف وہ کام کرنے والے شریک کی ہوگی؟

ج اگر ایک نے کام نہ کیا اور دوسرے نے کام کیا تو اب جو کمائی ہوگی وہ ان دونوں کے درمیان تقسیم ہوگی اگرچہ ان میں سے ایک نے کام نہ کیا ہو

س (25) شرکۃ "وجوہ" کسے کہتے ہیں

ج شرکۃ وجوہ ایسی شرکۃ کو کہتے ہیں جس میں دو آدمی شریک ہو جائیں اور ان دونوں کے پاس مال نہ ہو بلکہ اس شرط پر شریک ہوں کہ دونوں اپنے تعلقات سے خریدے"

س (26) جو چیز وہ دونوں مشترک خرید کرینگے وہ ایک دوسرے کے وکیل ہوں گے؟

ج جو چیز وہ خریدے ان دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کا وکیل ہوگا

س (27) اگر دونوں شریک یہ شرط لگائیں کہ خریدی ہوئی شے ان دونوں کے درمیان آدھی آدھی ہوگی تو اب اس کا جو نفع ہے اس کے بارے میں کیا حکم ہے اور کیا اس میں کمی و زیادتی جائز ہے یا نہیں؟

ج اگر دونوں شریکین نے یہ شرط لگا دی کہ خریدی ہوئی شے ان دونوں کے درمیان آدھی آدھی ہوگی تو اس کا نفع بھی اسی طرح ان دونوں میں آدھا آدھا ہوگا اور اس میں کمی و بیشی جائز نہیں ہے

س (28) کن چیزوں میں شرکت جائز نہیں ہے؟

ج گھاس جمع کرنے میں اور لکڑیاں اکٹھی کرنے میں اور اشکار کرنے میں شرکت جائز نہیں ہے

س (29) اگر ایک شریک کے پاس خچر ہو اور دوسرے شخص کے پاس چمڑے کا ڈول ہو تو اب ان سے جو کمائی ہوگی کیا وہ ان دونوں کے درمیان تقسیم ہوگی یا نہیں؟

ج اگر ایک شریک کے پاس خچر ہے اور دوسرے کے پاس چمڑے کا ڈول تو اب انہوں نے کمایا اس میں سے جو کمائی ہوگی ہم دونوں کے درمیان تقسیم ہوگی تو یہ

Date: Day:

شرکت جائز نہیں بلکہ جو پانی نکالے گا اس کے لیے نفع ہوگا

س (30) ہر شرکت فاسدہ میں نفع کس حساب سے تقسیم ہوگا اور اس میں کمی وبیشی جائز ہوگی یا باطل ہوگی؟

ج ہر شرکت فاسدہ میں نفع اصل مال کے حساب سے تقسیم ہوگا اور کمی وبیشی کی شرط باطل ہے

س (31) شرکت باطل ہونے کی چند صورتیں لکھیں؟

اگر دونوں شریکوں میں سے کوئی ایک مر جائے یا مرتد ہو جائے یا دار الحرب میں چلا جائے تو شرکت باطل ہے

س (32) کیا دونوں شریکوں میں سے ایک شریک کے لیے جائز ہے کہ وہ دوسرے کے مال کی زکوٰۃ دے؟

ج دونوں میں سے کسی ایک کے لیے بھی جائز نہیں کہ وہ دوسرے کے مال کی زکوٰۃ دے

س (33) اگر ان میں سے ہر ایک نے دوسرے کو زکوٰۃ ادا کرنے کی اجازت دے دی تو اب مسئلے کے بارے میں صاحبین اور امام ابو حنیفہ کا مؤقف بیان کریں؟

ج اگر ان شریکین میں سے ہر ایک نے دوسرے کو اپنی زکوٰۃ ادا کرنے کی اجازت دے دی پھر دونوں میں سے ہر ایک نے زکوٰۃ ادا کر دی امام صاحب کے نزدیک بعد میں دینے والا ضامن ہوگا چاہے اس کو پہلے والے کے دینے کی

س (34) خبر ہو یا نہ ہو اور صاحبین نے فرمایا اگر اسے معلوم نہ ہو تو ضامن نہیں ہوگا۔

## کتاب المضاربۃ

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں۔

س (1) مضاربۃ کا لغوی معنی لکھیں؟

ج مضاربۃ کا لغوی معنی "سفر کرنا اور حصہ دینا" ہے۔

Date: ______ Day: ______

س (2) مضاربۃ کی اصطلاحی تعریف لکھیں؟

ج دو شریکین میں سے ایک کی طرف سے مال اور دوسرے کی طرف سے عمل کے ذریعے سے نفع میں شرکت پر عقد ہے اسے "مضاربۃ" کہتے ہیں۔

س (3) مضاربۃ کس مال سے صحیح ہے؟

ج جس مال سے شرکت صحیح ہے اس مال سے مضاربۃ بھی صحیح ہے۔

س (4) مضاربۃ کی شرط بیان کریں؟

ج مضاربۃ کی شرط میں سے یہ ہے کہ نفع دونوں کے درمیان مشترک ہوگا اور ان دونوں میں سے کوئی ایک متعین دراہم کا مستحق نہ ہو

س (5) جب مضاربت مطلقاً صحیح ہو جائے تو پھر مضارب کے لیے حکم ہے؟

ج جب مضاربت مطلقاً صحیح ہو جائے تو پھر مضارب کے لیے جائز ہے کہ وہ خریدے اور بیچے اور سفر کرے اور بضاعت پر دے اور وکیل بنائے۔

س (6) کیا مضارب رب المال کی اجازت کے بغیر آگے مضاربت کے طور پر رب المال کا مال دے سکتا ہے یا نہیں؟

ج مضارب کے لیے جائز نہیں ہے کہ مالک کی اجازت کے بغیر آگے مضاربت کے طور پر مال کو دے۔

س (7) اگر رب المال مضارب کے لیے تصرف کرنا کسی متعین شہر میں یا متعین سامان میں خاص کر دے تو اب مضارب کے لیے حکم ہے؟

ج اگر رب المال مضارب کے لیے تصرف کرنا کسی متعین شہر میں یا متعین سامان میں خاص کر دے تو مضارب کے لیے جائز نہیں ہے کہ اس کے برخلاف کرے

س (8) اگر مالک نے مضاربت کی مدت متعین کر دی کہ فلاں تاریخ کو مضاربت ختم ہو جائے گی تو کیا مدت گزرنے سے عقد میں کوئی فرق آئے گا؟

ج اگر مالک نے مضاربت کی مدت متعین کر دی کہ فلاں تاریخ کو مضاربت ختم ہو جائے گی تو اب مدت گزرنے سے عقد باطل ہو جائے گا جو ان دونوں میں ہوا تھا۔

Date:________ Day:________

س (۹) اگر مضاربت کے مال سے نفع ہو تو اب مضارب کے لیے کیا حکم ہے؟
ج اگر مضاربت کے مال سے نفع ہو تو اب مضاربت کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے ایسے رشتہ دار کو خریدے جو اس پر آزاد ہو جائے۔
س (۱۰) کیا مضارب مضاربت کے مال سے رب المال کے باپ یا بیٹے کو خرید سکتا ہے یا نہیں؟
ج مضارب مضاربت کے مال سے رب المال کے باپ یا بیٹے کو نہیں خرید سکتا۔
س (۱۱) جب مضارب نے مضاربت کے مال کو رب المال کی اجازت کے بغیر مضاربت کے طور پر آگے دے دیا تو اب مضارب کے لیے کیا حکم ہے؟
ج جب مضارب نے مضاربت کے مال کو رب المال کی اجازت کے بغیر مضاربت کے طور پر آگے دیا تو اب مضارب اول صرف دینے سے یا مضارب ثانی کے تصرف کرنے سے ضامن نہیں ہوگا بلکہ جب مضارب ثانی تجارت کرے گا تو جب اس کو نفع ہوگا اس وقت مضارب اول ضامن ہوگا
س (۱۲) اگر مالک نے مضارب کو مال دیا اور کہا کہ نفع دونوں کے درمیان آدھا آدھا ہوگا اور اس نے یہ بھی اجازت دے دی کہ مضارب آگے مضاربت کے طور پر مال دے سکتا ہے تو اگر مضارب نے آگے مضاربت کے طور پر تہائی نفع پر مال دے دیا تو اب مضارب کے لیے کیا حکم ہے
ج اگر مالک نے مضارب کو آگے مضاربت کے طور پر مال دینے کی اجازت دے دی اور اگر مضارب نے آگے دے دیا تو اس کا آگے دینا جائز ہے
س (۱۳) اگر مالک نے مضارب سے کہا کہ جو کچھ اللہ نفع دے گا وہ ہمارے درمیان آدھا آدھا ہوگا تو اب رب المال کے لیے اور مضارب اول کے لیے اور مضارب ثانی کے لیے کتنا کتنا نفع ہوگا
ج اگر مالک نے مضارب سے کہا کہ جو کچھ اللہ نفع دے گا وہ ہمارے درمیان آدھا آدھا ہوگا تو اب رب المال کے لیے آدھا نفع ہوگا اور مضارب ثانی کے لیے تہائی نفع ہوگا اور مضارب اول کے لیے چھٹا حصہ ہوگا۔

Date: Day:

س (۱۴) اگر مالک نے مضارب سے کہا کہ جو کچھ نفع تجھے ہوگا وہ ہمارے اور تمہارے درمیان آدھا آدھا ہوگا تو اب رب المال اور مضارب اول اور مضارب ثانی کے لیے کتنا ہوگا؟

ج اگر مالک نے مضارب سے کہا جو کچھ نفع تجھے ہوگا وہ ہمارے اور تمہارے درمیان آدھا آدھا ہوگا تو اس صورت میں مضارب ثانی کو ایک تہائی نفع ملے گا اور بقدر دو تہائی نفع رب المال اور مضارب اول کے درمیان آدھا آدھا تقسیم ہوگا۔

س (۱۵) کون سی ایسی صورت ہے جس میں آدھا نفع رب المال کو ملے گا اور آدھا مضارب ثانی کو ملے گا اور مضارب اول کے لیے کچھ نہیں ہوگا؟

ج اگر رب المال نے یہ شرط لگائی کہ مضاربت کے مال سے جو کچھ نفع اللہ عزوجل دے وہ ہمارے درمیان آدھا آدھا ہوگا اور مضارب اول نے مضارب ثانی کے لیے آدھے نفع کی شرط لگائی اس صورت میں رب المال کے لیے آدھا نفع اور مضارب ثانی کے لیے آدھا نفع اور مضارب اول کے لیے کچھ نہیں

س (۱۶) اور اگر مضاربت کے مال سے رب المال نے یہ شرط لگائی کہ اس سے جو نفع ہوگا وہ آدھا میرے لیے ہوگا اور مضارب اول نے مضارب ثانی کے لیے دو تہائی نفع کی شرط لگائی تو اس صورت میں تینوں کو کتنا کتنا نفع ملے گا

ج اگر مضاربت کے مال سے رب المال نے یہ شرط لگائی کہ اس سے جو نفع ہوگا وہ آدھا میرے لیے ہوگا اور مضارب اول نے مضارب ثانی کے لیے دو تہائی نفع کی شرط لگائی تو اس صورت میں رب المال کے لیے آدھا نفع ہوگا اور مضارب اول مضارب ثانی کے چھٹے حصہ کا ضامن ہوگا

س (۱۷) اگر رب المال مرجائے یا مضارب مرجائے تو پھر مضارب کا کیا حکم ہے؟

ج اگر رب المال مرجائے یا مضارب مرجائے تو مضاربت باطل ہوجائے گی۔

س (۱۸) اگر رب المال اسلام سے پھر جائے یا دارالحرب میں چلا جائے تو اب مضاربت کا کیا حکم ہے؟

ج اگر رب المال اسلام سے پھیر جائے یا دارالحرب میں چلا جائے تو مضاربت باطل ہوجاتی ہے

Date:______ Day:______

س (19) اگر مالک نے مضارب کو معزول کر دیا تو اب اگر مضارب نے خرید و فروخت کی مضاربت کے مال سے تو پھر مضارب کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر مالک نے مضارب کو معزول کر دیا تو اب مضارب کے لیے خرید و فروخت کرنا مضاربت کے مال سے جائز ہے۔

س (20) اگر مضارب کو اس حال میں معزول ہونے کا پتا چلا کہ اس کے پاس سامان تھا نقد مال نہیں تھا تو اب اس مضارب کے لیے خرید و فروخت کا کیا حکم ہے؟

ج اگر مضارب کو اس حال میں معزول ہونے کا پتا چلا کہ اس کے پاس سامان تھا نقد مال نہیں تھا تو اب مضارب سامان فروخت کر سکتا ہے معزول ہونا اس کو خرید و فروخت سے نہیں روکے گا

س (21) اگر مضاربت کے مال سے کچھ مال ہلاک ہو گیا تو اب اس کا ضامن کون ہوگا؟

ج اگر مضاربت کے مال سے کچھ مال ہلاک ہو گیا تو اس نقصان کو نفع سے پورا کیا جائے گا۔

س (22) اگر اتنا مال ہلاک ہو جائے کہ نفع سے بھی بڑھ جائے تو اب کون اس مال کا ضامن ہوگا؟

ج اگر اتنا مال ہلاک ہو جائے کہ نفع سے بھی بڑھ جائے تو اب مضارب اس کا ضامن نہیں ہوگا

س (23) اگر مضاربت باقی رکھتے ہوئے دونوں نے نفع کا مال تقسیم کر دیا تو اب اگر مضاربت کا مال ہلاک ہو گیا تو اب اس مال کا ضامن کون ہوگا؟

ج اگر دونوں نے نفع تقسیم کر لیا ہو اور مضاربت بھی باقی ہو تو اب اگر سارا مال یا کچھ مال ہلاک ہو گیا ہو تو اب ان دونوں کے لیے حکم ہے کہ وہ دونوں نفع کو واپس لوٹائیں اور اس ہلاکت پورا کریں

س (24) اگر نفع دونوں نے واپس کر دیا پھر بھی ہلاکت اتنی تھی کہ اصل رقم پوری نہ ہو سکی تو اب اس کمی کا کون ضامن ہوگا؟

Date:________ Day:________

اگر نفع دونوں نے واپس کر دیا پھر بھی ہلاکت اتنی تھی کہ اصل رقم پوری نہ ہو سکی تو اب اس کمی کا ذمہ دار مضارب نہیں ہوگا

س (25) اگر دونوں نے نفع تقسیم کر لیا اور مضاربت توڑ دی اور اس کے بعد دوبارہ عقد مضاربت کر لیا پھر سارا مال یا کچھ مال ہلاک ہو گیا تو کیا اب پہلا نفع لوٹایا جائے گا یا نہیں؟

ج اگر دونوں نے نفع تقسیم کر لیا اور مضاربت توڑ دی اور اس کے بعد دوبارہ عقد مضاربت کر لیا پھر سارا مال یا کچھ مال ہلاک ہو گیا تو اب پہلا نفع نہیں لوٹایا جائے گا

س (26) کیا مضارب نقد اور ادھار خرید و فروخت کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج جی ہاں مضارب نقد اور ادھار دونوں طریقوں سے خرید و فروخت کر سکتا ہے

س (27) کیا مضارب مضاربت کے مال سے غلام اور باندی کا نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج مضارب کے لیے مضاربت کے مال سے غلام اور باندی کا نکاح کرنا جائز نہیں ہے

CamScanner

Date: Day:

# کتاب الوکالۃ

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں؟

س ① وکالۃ کے لغوی معنیٰ لکھیں؟

ج وکالۃ کا لغوی معنیٰ "حفاظت کرنا"

س ② وکالۃ کا اصطلاحی معنیٰ لکھیں؟

ج وکالۃ کا اصطلاحی معنیٰ اپنے علاوہ کسی اور شخص کو مخصوص تصرف میں اپنی جگہ پر قائم مقام کرنا "وکالۃ" کہلاتا ہے

س ③ "وکیل بالخصومۃ" کسے کہتے ہیں

ج عدالت میں اپنے حق کے لیے وکیل بنانا "وکیل بالخصومۃ" کہلاتا ہے

س ④ کس معاملہ میں وکیل بنا سکتے ہیں بیان کریں؟

ج ہر وہ کام جس کو انسان خود بھی کر سکتا ہے اس کا دوسرے کو وکیل بنانا جائز ہے ، تمام حقوق میں جھگڑا کرنے کا اور اس کو ثابت کرنے کا وکیل بنانا بھی جائز ہے ، حدود اور قصاص میں وکالت جائز نہیں ہے

س ⑤ "وکیل بالخصومۃ" کے بارے میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا مؤقف لکھیں؟

ج امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ وکیل بالخصومۃ جائز نہیں ہے مگر مدعی علیہ کی اجازت کے ساتھ لیکن اگر مؤکل بیمار ہو یا غائب ہو یا تین سے زیادہ مدت کی مسافت پر ہو تو پھر اس صورت میں امام صاحب کے نزدیک مدعی علیہ کی اجازت کے بغیر بھی وکیل بالخصومت جائز ہے اور صاحبین فرماتے ہیں کہ وکیل بالخصومت بغیر مدعی علیہ کی اجازت کے بھی جائز ہے

س ⑥ وکالت کی شرط کیا ہے؟

ج وکالت کی شرط میں سے یہ ہے کہ مؤکل ان لوگوں میں سے ہو جو تصرف کر مالک ہیں اور ان کو احکام لازم ہوتے ہوں اور وکیل ان لوگوں میں سے ہو جو بیع کو سمجھتا ہو

Date: ______ Day: ______

س (7) کیا اگر آزاد بالغ یا ماذون اپنے جیسوں کو وکیل بنائے تو کیا اس کا وکیل بنانا جائز ہے؟

ج اگر آزاد بالغ نے یا ماذون نے اپنے جیسوں کو وکیل بنایا تو ان کا وکیل بنانا جائز ہے۔

س (8) اگر کسی نے مجبور بچے کو یا مجبور غلام کو وکیل بنایا تو کیا ان کا وکیل بنانا جائز ہے

ج اگر کسی نے مجبور بچے کو یا مجبور غلام کو وکیل بنایا تو اس کا وکیل بنانا جائز ہے ان مجبور بچوں یا غلاموں کو

س (9) کیا مجبور بچے اور مجبور غلام کے ساتھ حقوق متعلق ہوں گے یا اس کے ذمہ دار کے ساتھ؟

ج مجبور بچے اور مجبور غلام کے حقوق ان کے مؤکلوں کے ساتھ متعلق ہوں گے

س (10) وہ معاملات جن کو وکیل پورا کرتے ہیں اس کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

ج وہ معاملات جن کو وکیل کرتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں

① وہ معاملات جن کے حقوق وکیل کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں جیسے کوئی بیع کو سپرد کرے

② وہ معاملات جن کے حقوق مؤکل کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں جیسے نکاح، خلع

س (11) اگر کسی شخص نے وکیل بنایا ہے اور اس وکیل نے کسی کو چیز بیچی ہے تو اب اگر مؤکل نے مشتری سے ثمن کا مطالبہ کیا تو اب مشتری کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر کسی نے کسی شخص کو وکیل بنایا اور اس وکیل نے کسی کو چیز بیچی ہے تو اب اگر مؤکل وکیل سے پہلے مشتری سے ثمن کا مطالبہ کرے تو اس مشتری کو چاہیے کہ مؤکل کو ثمن دینے سے انکار کر دے اور بعد میں یہ ثمن وکیل کو دینے ہیں

س (12) جس نے کسی آدمی کو کسی چیز کے خریدنے کا وکیل بنایا تو اس صورت میں مؤکل کے لیے کیا ضروری ہے؟

CamScanner

Date:________ Day:________

اگر کسی نے کسی چیز کو خریدنے کا وکیل بنایا تو اب مؤکل کے لیے ضروری ہے کہ وہ جنس بھی، صفت بھی، اور قیمت کی مقدار بھی متعین کرے

س (13) اگر وکیل نے مبیع کو خریدا اور اس پر قبضہ بھی کر لیا پھر وہ اس مبیع میں عیب پر مطلع ہوا تو اب اس صورت میں کیا حکم ہے اور دوسری صورت اگر وکیل نے مبیع کو مؤکل کے حوالے کر دیا پھر مؤکل عیب پر مطلع ہوا تو اب کیا حکم ہے؟

ج اگر وکیل نے مبیع کو خریدا اور اس پر قبضہ بھی کر لیا پھر وہ اس مبیع میں عیب پر مطلع ہوا تو اب اس صورت میں وکیل اس عیب کے ساتھ مبیع کو لوٹانے کا مالک ہوگا اگر وکیل نے مبیع مؤکل کے حوالے کر دی پھر عیب پر مطلع ہوا تو اب مؤکل کے لیے مبیع کو عیب کے ساتھ لوٹانا جائز نہیں ہے۔

س (14) کیا عقد سلم اور عقد صرف کے لیے وکیل بنانا جائز ہے؟

ج جی ہاں عقد سلم اور عقد صرف کے لیے وکیل بنانا جائز ہے

س (15) اگر وکیل معاملے والے سے قبضہ سے پہلے جدا ہو گیا تو پھر عقد کا کیا حکم ہے؟

ج اگر وکیل معاملے والے سے قبضہ سے پہلے جدا ہو گیا تو پھر عقد باطل ہو جائے گا

س (16) اگر وکیل مؤکل سے جدا ہو گیا تو پھر کیا حکم ہے؟

ج اگر وکیل مؤکل سے جدا ہو گیا تو پھر عقد میں کوئی مسئلہ نہیں ہوگا

س (17) اگر وکیل نے اپنی طرف سے ثمن دے کر مبیع پر قبضہ کر لیا تو کیا اب وکیل مؤکل سے ثمن کا مطالبہ کر سکتا ہے؟

ج اگر وکیل نے اپنی طرف سے ثمن دے کر مبیع پر قبضہ کر لیا تو وکیل کے لیے مؤکل سے ثمن کا مطالبہ کرنا جائز ہے

س (18) اگر وکیل نے ثمن وصول کرنے کے لیے مؤکل سے مبیع کو روکا نہیں تھا اور مبیع وکیل کے پاس ہلاک ہو گئی تو اب اس مبیع کا کیا حکم ہے؟

ج اگر وکیل نے ثمن کو وصول کرنے کے لیے مؤکل سے مبیع کو روکا نہیں تھا کہ مبیع وکیل کے پاس ہلاک ہو گئی تو اس صورت میں مؤکل کے حق میں ہلاک ہوئی

Date:______ Day:______

س (۱۹) اگر وکیل نے مؤکل سے ثمن وصول کرنے کے لیے مبیع کو مؤکل سے روکا تھا تو اب اگر وکیل کے پاس وہ مبیع ہلاک ہو گئی تو اب یہ کس کے حق میں ہلاک ہوئی اس مسئلے کے بارے میں ائمہ اکرام کا موقف بیان کریں؟

ج اگر وکیل نے مؤکل سے ثمن وصول کرنے کے لیے مبیع کو مؤکل سے روکا تھا تو اب اگر وکیل کے پاس وہ مبیع ہلاک ہو گئی تو اب وہ مبیع وکیل کے مال سے ہلاک ہو گی امام ابو یوسف کے نزدیک رہن کے ضمان کی طرح اور امام محمد کے نزدیک بیع کے ضمان کی طرح۔

س (۲۰) جب کسی شخص نے دو آدمیوں کو وکیل بنایا تو اب ان دونوں میں سے کسی ایک کے لیے دوسرے کے بغیر ان امور میں تصرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج جب کسی شخص نے دو آدمیوں کو وکیل بنایا تو اب ان دونوں میں سے کسی ایک کے لیے دوسرے کے بغیر ان امور میں تصرف کرنا جائز نہیں ہے جن امور میں ان دونوں کو وکیل بنایا گیا

س (۲۱) کیا وکیل اپنے آگے وکیل بنا سکتا ہے یا نہیں؟

ج وکیل کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ آگے کوئی وکیل بنائے مگر مؤکل کی اجازت کے ساتھ آگے وکیل بنا سکتا ہے

س (۲۲) اگر وکیل نے مؤکل کی اجازت کے بغیر دوسرے کو وکیل بنایا تو اب اگر وکیل ثانی نے وکیل اول کی موجودگی میں کوئی معاملہ طے کیا تو کیا اس کا یہ کام کرنا جائز ہے یا ناجائز

ج اگر وکیل نے مؤکل کی اجازت کے بغیر دوسرے کو وکیل بنایا تو اب اگر وکیل ثانی نے وکیل اول کی موجودگی میں کوئی معاملہ طے کیا تو اس کا یہ کام کرنا جائز ہے

س (۲۳) کیا مؤکل وکیل کو وکالت سے معزول کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج مؤکل کے لیے وکیل کو وکالت سے معزول کرنا جائز ہے

س (۲۴) وکالت کس صورت میں باطل ہوتی ہے؟

ج اگر مؤکل مر جائے یا مرتد ہو جائے یا دار الحرب میں چلا جائے تو وکالت باطل ہو جاتی ہے

CamScanner

Date: Day:

س (25) اگر کسی شخص نے کسی کو وکیل بنایا پھر مؤکل نے وہ کام خود ہی کر لیا جس کام کے لیے وکیل بنایا تھا تو پھر وکالۃ کا کیا حکم ہے؟

ج اگر کسی شخص نے کسی کو وکیل بنایا پھر مؤکل نے وہ کام خود ہی کر لیا جس کام کے لیے وکیل بنایا تھا تو اس صورت میں وکالت باطل ہو جائے گی

س (26) بیچنے اور خریدنے کے وکیل کے لیے کیا حکم ہے اس مسئلہ میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا مؤقف بیان کریں؟

ج امام صاحب فرماتے ہیں کہ بیچنے اور خریدنے کے وکیل کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے بیٹے اپنے دادا یا اپنے غلام یا اپنے مکاتب غلام سے عقد کرے اور صاحبین فرماتے ہیں کہ ان سب میں عقد درست ہے لیکن غلام اور مکاتب غلام میں جائز نہیں ہے

س (27) کیا بیچنے والے وکیل کے لیے کمی و بیشی کے ساتھ کسی چیز کو فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں اس مسئلہ کے بارے میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا مؤقف بیان کریں؟

ج امام صاحب فرماتے ہیں کہ بیچنے کے وکیل کے لیے کمی و بیشی کے ساتھ کسی چیز کو فروخت کرنا جائز ہے لیکن صاحبین فرماتے ہیں کہ وکیل کا اتنی کمی کے ساتھ کوئی چیز فروخت کرنا جس کا لوگوں میں رواج نہ ہو یہ جائز نہیں

س (28) اگر بیچنے کا وکیل مشتری کی طرف سے قیمت کا ضامن ہو گیا تو اب اس کے ضمان کا کیا حکم ہے

ج اگر بیچنے کا وکیل مشتری کی طرف سے قیمت کا ضامن ہو گیا تو اسکا یہ ضمان باطل ہے

س (29) اگر کسی نے اپنے غلام کو بیچنے کا وکیل بنایا تو پھر وکیل نے اس غلام کو آدھا بیچا تو کیا یہ جائز ہے یا نہیں اس مسئلہ میں امام صاحب کا مؤقف لکھیں؟

ج امام صاحب فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے غلام کو بیچنے کا وکیل بنایا تو پھر اس وکیل نے اس غلام کو آدھا بیچ دیا تو اس کا یہ کام کرنا جائز ہے یعنی وکیل آدھا غلام بیچ سکتا ہے۔

CamScanner

Date: ______ Day: ______

س (30) اگر کسی نے خریدنے کا وکیل بنایا پھر اس وکیل نے آدھے غلام کو خریدا تو اس خریداری کے بارے میں کیا حکم ہے اگر آدھے غلام اور خرید لے تو پھر اس خریداری کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج اگر کسی شخص نے غلام کو خریدنے کا وکیل بنایا تو اب اگر وکیل نے آدھا غلام خریدا تو اس صورت میں خریداری موقوف ہو جائے گی لیکن اگر اس وکیل نے بقیہ آدھا غلام خرید لیا تو پھر وہ پورا غلام مؤکل پر لازم ہوگا پھر بیع موقوف نہیں ہوگی

س (31) اگر کسی شخص نے وکیل بنایا دس رطل گوشت کو ایک درہم کے بدلے خریدنے کا تو اب اگر وکیل نے ایک درہم میں بیس رطل گوشت خرید لیا تو اب اس وکالۃ کے بارے میں کیا حکم ہے اور اس مسئلے میں ائمہ اکرام کا مؤقف لکھیں

ج اگر کسی شخص نے ایک درہم کے ساتھ دس رطل گوشت خریدنے کا وکیل بنایا تو اب اگر وکیل ایک درہم کے بدلے بیس رطل گوشت لے کر آیا ایسا گوشت جو ایک درہم میں دس رطل گوشت ملتا ہے تو امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ مؤکل پر نصف درہم کے بدلے میں دس رطل گوشت ہوگا اور صاحبین کے نزدیک مؤکل پر ایک درہم کے بدلے بیس رطل گوشت

س (32) اگر کسی شخص نے معین چیز کو خریدنے کا وکیل بنایا تو اب کیا وکیل اپنے لیے کوئی چیز خرید سکتا ہے یا نہیں؟

ج اگر کسی شخص نے متعین چیز کو خریدنے کا وکیل بنایا تو اب وکیل کے لیے جائز نہیں ہے کہ اس چیز کو اپنے لیے خریدے

س (33) کیا وکیل بالخصومۃ وکیل بالقبض کی طرح ہوتا ہے یا نہیں اس مسئلہ میں ائمہ اکرام کا مؤقف لکھیں؟

امام ابوحنیفہ اور امام محمد اور امام ابویوسف فرماتے ہیں وکیل بالخصومۃ وکیل بالقبض ہی ہے

س (34) کیا قرض کا وکیل خصومت کا بھی وکیل ہوگا یا نہیں اس مسئلہ کے بارے میں

CamScanner

Date: Day:

امام صاحب کا موقف لکھیں؟

ج امام اعظم ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ وکیل بالقبض یہ وکیل بالخصومۃ ہی ہو گا

س (۷) کیا وکیل بالخصومۃ اپنے مؤکل کے خلاف اقرار کر سکتا ہے یا نہیں اس کے بارے میں ائمہ کا موقف ھی بیان کریں؟

ج جب وکیل بالخصومۃ نے قاضی کے پاس اپنے مؤکل کے خلاف اقرار لیا تو اس کا اقرار کرنا جائز ہے اور طرفین فرماتے ہیں وکیل بالخصومۃ کا اپنے مؤکل کے خلاف قاضی کے علاوہ کسی کے پاس اقرار کرنا جائز نہیں ہے اور امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ قاضی کے علاوہ کسی کے پاس وکیل بالخصومۃ کا اپنے مؤکل کے خلاف اقرار کرنا جائز ہے

---

# کتاب الکفالۃ

مختصر سوالات کے جوابات لکھیں؟

س (۱) کفالۃ کا لغوی معنی لکھیں؟

ج کفالۃ کا لغوی معنی "ملانا" کے ہیں

س (۲) کفالۃ کا اصطلاحی معنی بیان کریں؟

ج کفالۃ کا اصطلاحی معنی "حق مطالبہ میں ایک کی ذمہ داری کو دوسرے کی ذمہ داری کے ساتھ ملانا" کفالۃ کہلاتا ہے

س (۳) کفالۃ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

ج کفالۃ کی دو قسمیں ہیں

(۱) کفالۃ بالنفس (۲) کفالۃ بالمال

س (۴) کیا کفالۃ بالنفس اور کفالۃ بالمال دونوں جائز ہے یا نہیں؟

ج جی ہاں کفا بالنفس اور کفا بالمال یہ دونوں کفالتیں جائز ہیں

CS CamScanner

Date:________ Day:________

س (5) ملفوبہ کسے کہتے ہیں

ج جس چیز کی کفالہ ہوتی ہے اسے "ملفوبہ" کہتے ہیں

س (6) کفالۃ بالنفس کس کے ساتھ منعقد ہوتی ہے؟

ج کفالۃ بالنفس منعقد ہوتی ہے جب کفیل نے کہا کہ میں فلاں کی جان کا کفیل ہوں یا گردن کا یا اس کی روح یا جسم کا یا اس کے آدھے یا تہائی جسم کا

س (7) اگر کفالۃ بالنفس میں یہ شرط لگائی کہ وقت معین میں ملفول بہ کو سپرد کرونگا تو اب اگر کفیل نے معین وقت میں ملفوبہ کو سپرد نہ کیا تو پھر وکیل کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر کفالۃ بالنفس میں یہ شرط لگائی کہ ملفول بہ کو وقت معین میں سپرد کیا جائے گا تو اب کفیل پر لازم ہے کہ معین وقت میں ملفوبہ کو سپرد کرے لیکن اگر اس نے نہ کیا تو پھر حاکم کفیل کو قید کرلے گا

س (8) اگر کفیل نے ملفول بہ کو بازار کے اندر ملفول لہ کو سپرد کیا تو کیا کفیل بری ہو جائے گا یا نہیں ہے

ج اگر کفیل نے ملفول بہ کو بازار کے اندر ملفول لہ کے سپرد کیا تو کفیل آزاد ہو جائے گا

س (9) اگر کفیل اس شرط پر ہو کہ ملفوبہ کو قاضی کی مجلس میں سپرد کرے گا لیکن اس نے قاضی کی مجلس میں نہیں بلکہ بازار میں سپرد کر دیا تو اب کفیل کے لیے کیا حکم ہے؟

ج اگر کفیل اس شرط پر ہو کہ ملفول بہ کو قاضی کی مجلس میں سپرد کرے گا تو پھر اس نے بازار میں سپرد کر دیا تو کفیل بری ہو جائے گا

س (10) اگر کفیل نے ملفوبہ کو جنگل میں سپرد کیا پھر کفیل کے لیے کیا ہے؟

ج اگر کفیل نے ملفول بہ کو جنگل میں سپرد کیا تو پھر کفیل بری نہیں ہوگا

س (11) اگر ملفوبہ مر گیا تو کیا کفیل بری ہوگا یا نہیں

ج اگر ملفول بہ مر جائے تو کفیل کفالۃ بالنفس سے بری ہو جاتا ہے

CS CamScanner

Date:________ Day:________

س (12) حدود اور قصاص میں کفالة بالنفس جائز ہے یا نہیں؟

ج: امام ابو حنیفہ کے نزدیک کفالة بالنفس حدود اور قصاص میں جائز نہیں ہے۔ اور صاحبین فرماتے ہیں جائز ہے۔

س (13) اگر مکفول بہ معلوم ہو یا مجہول ہو تو کیا ان دونوں صورتوں میں کفالة مال جائز ہے یا نہیں؟

اگر مکفول بہ معلوم ہو یا مجہول ہو ان دونوں صورتوں میں کفالة مال جائز ہے۔

س (14) کیا شرطوں کو معلق کرنے کے ساتھ کفالة درست ہے یا نہیں؟

ج: شرطوں کو معلق کرنے کے ساتھ کفالت جائز ہے۔

س (15) کفالة مکفول عنہ کے حکم سے جائز ہے یا اس کے حکم کے بغیر بھی جائز ہے؟

ج: کفالة مکفول عنہ کے حکم سے بھی جائز ہے اور مکفول عنہ کے حکم کے بغیر بھی جائز ہے۔

س (16) اگر کفیل مکفول عنہ کے حکم سے بنا تو اب کفیل نے جو رقم مکفول لہ کو دی کیا اس کا مطالبہ کفیل مکفول عنہ سے کر سکتا ہے یا نہیں۔

ج: اگر کفیل مکفول عنہ کے حکم سے بنا تو اب کفیل نے جو رقم مکفول لہ کو دی اس کا مطالبہ مکفول عنہ سے کر سکتا ہے

س (17) اگر کفیل مکفول عنہ کے حکم کے بغیر کفیل بنا تو اب اگر کفیل نے مکفول لہ کو جو رقم دی کیا اس کا مطالبہ مکفول عنہ سے کر سکتا ہے یا نہیں

ج: اگر کفیل مکفول عنہ کے حکم کے بغیر کفیل بنا تو اب اگر کفیل نے مکفول لہ کو جو رقم دی ہے اس کا مطالبہ مکفول عنہ سے نہیں کر سکتا

س (18) کیا کفیل رقم ادا کرنے سے پہلے مکفول عنہ سے مطالبہ کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج: کفیل رقم ادا کرنے سے پہلے مکفول عنہ سے رقم کا مطالبہ نہیں کر سکتا

س (19) جب مکفول لہ نے مکفول عنہ کو بری کر دیا تو اب کفیل کا کیا حکم ہے؟

ج: اس صورت میں کفیل بھی بری ہو جائے گا

CS CamScanner

Date: Day:

س (20) اگر مکفول لہ نے کفیل کو بری کر دیا تو کیا مکفول عنہ بھی بری ہو جائے گا یا نہیں

ج اگر مکفول لہ نے کفیل کو بری کر دیا تو کفیل کے بری ہونے کی وجہ سے مکفول عنہ بری نہیں ہوگا

س (21) مکفول لہ کفیل کو معلق شرط پر بری کر سکتا ہے یا نہیں؟

ج مکفول لہ کفیل کو معلق شرط پر بری نہیں کر سکتا

س (22) ہر وہ حق جس کا وصول کرنا کفیل سے ممکن نہ ہو تو کیا اس میں کفالۃ جائز ہے یا نہیں؟

ج ہر وہ حق جس کا وصول کرنا کفیل سے ممکن نہ ہو تو اس میں کفالۃ جائز نہیں ہے

س (23) اگر کسی نے سواری کو اجرت پر لیا لادنے کے لیے اور وہ جانور معین تھا تو کیا کفالۃ درست ہے یا نہیں؟

ج اگر کسی نے سواری کو اجرت پر لیا لادنے کے لیے اور وہ جانور معین ہو تو اس صورت میں کفالۃ صحیح نہیں ہے

س (24) کفالۃ بالمال اور کفالت بالنفس دونوں میں کفالۃ کے صحیح ہونے کی شرط کون سی ہے بیان کریں

ج کفالۃ بالمال اور کفالۃ بالنفس دونوں میں کفالۃ صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ جس مجلس میں کفیل بن رہا ہو اسی مجلس میں مکفول لہ نے قبول کر لیا ہو

س (25) کیا کتابت کے مال کی کفالت جائز ہے یا نہیں؟

ج کتابت کے مال سے کفالۃ جائز نہیں ہے

س (26) اگر کوئی آدمی مر جائے اور اس پر بہت سا قرضہ بھی ہو اور اور وہ کچھ مال بھی نہ چھوڑ کر گیا ہو اور اس نے کفیل بھی نہ بنایا ہو پھر اس کی طرف سے کوئی آدمی کفیل بن گیا تو کیا یہ کفالۃ جائز ہے اس مسئلے کے بارے میں صاحبین اور امام صاحب کا موقف بتائیں؟

ج اگر کوئی آدمی مر جائے اور اس پر قرضہ بھی بہت سا ہو اور پھر وہ

Date:

Day:

آدمی کوئی رقم بھی پیچھے نہ چھوڑ کر گیا ہو اور نہ کوئی وکیل چھوڑ کر گیا ہو تو
اب اگر اس آدمی کی طرف سے کفیل بن گیا تو امام صاحب فرماتے ہیں وہ بندہ
چاہے میت کا وارث ہو یا اجنبی دونوں صورتوں میں کفالۃ جائز نہیں ہے